# حساب کا کھیل

## درجہ دوم

# ଗଣିତ ଖେଳ

## ଦ୍ୱିତୀୟ ଶ୍ରେଣୀ





اڈیشا اسکول تعلیمی پروگرام اتھاریٹی،
بھوبینشور

محکمۂ تعلیم اساتذہ اور صوبائی تحقیقی وتربیتی ادارہ برائے تعلیم،
اڈیشا، بھوبنیشور

# حساب کا کھیل

## درجۂ دوم
## (نصابی و عملی کتاب)
## (تجرباتی اشاعت)


مصنفین کرام

تاپس کمار نایک

چتر بھوج پردھان

انجن کمار ساہو

سچید انند مصرا

کوآرڈی نیٹر:
ڈاکٹر تلوتما سیناپتی
ڈاکٹر سبیتا ساہو

مبصر
افضل پرویز

نظر ثانی کنندہ:
محمد مطیع اللہ نازش

مترجمین:
شیر علی خان
الطاف شکیل

تصحیح زبان
محمد افضل پرویز
سید عبداللہ معین روبی



ناشر : محکمۂ اسکول و تعلیمِ عامّہ، اڈیشا سرکار

سن اشاعت : 2010
2019

ترتیب : محکمۂ تعلیمِ اساتذہ اور صوبائی تحقیقی و تربیتی ادارہ برائے تعلیم، اڈیشا، بھوبنیشور
اور
ادارۂ نشر و اشاعت برائے کتبِ تعلیم و تدریس صوبۂ اڈیشا، بھوبنیشور

مکتبہ : درسی کتاب چھپائی و فروخت، بھوبنیشور



میں یہ سمجھتا ہوں کہ کتابی علم ہی اصل تعلیم نہیں ہے۔ سچا علم تو کردار سازی اور فرض سے آگاہی ہے۔ اُپنیشدوں کی شرح میں لکھا ہے کہ پہلا آشرم یعنی برہم چریہ آشرم، سنیاس آشرم کے برابر ہے۔ اس کا مجھ پر گہرا اثر پڑا ہے۔ تفریح اور دل لگی صرف ایک خاص عمر تک ہی اچھی لگتی ہے۔ بارہ برس کی عمر کے بعد تفریح اور دل لگی کا بہت ہی کم بلکہ نہیں کے برابر ہی موقع مجھے ملا ہے۔

دنیا میں تین باتیں اہم ہیں۔ ان کو حاصل کر کے تم دنیا کے کسی بھی کونے میں جاؤ گے تو اپنا گزارا کر سکو گے۔ اپنی روح کا اپنے آپ کا اور خدا کا سچا عرفان حاصل کرنا۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ تمہیں کتابی علم نہیں ملے گا وہ تو ملے گا ہی۔ کتابی علم تو اس لیے ہوتا ہے کہ جو کچھ تمہیں ملا ہے اسے تم دوسروں کو دے سکو۔

mkgandhi

# ہمارا قومی گیت



جن گن من ادھی نایک جئے ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب سندھ گجرات مراٹھا
دراوڑ اتکل بنگا
وندھ ہماچل یمونا گنگا
اچھل جلدھی ترنگا
تب شبھ نامے جاگے
تب شبھ آشس ماگے
گا ہے تب جئے گا تھا
جن گن منگل دایک جئے ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جئے ہے جئے ہے جئے ہے
جئے جئے جئے جئے ہے

☆☆☆

# فہرست


نمبر — سبق کا نام — صفحہ



1 ـ نقشے میں تصویر کو پہچانیئے — 1



2۔ سیدھی لکیر کھینچے — 9



3.۔ لڑھکنا اور گھسیٹنا — 17



4۔ کٹھا کٹھا کر کے گننا — 24



5۔ چھوٹے بڑے عدد پہچانیے — 36



6۔ کس کی جگہ کہاں ہے معلوم کیجیے — 43



7۔ جوڑ کرنا — 49



8۔ تفریق (گھٹاؤ) کرنا — 64

نمبر | سبق کا نام | صفحہ




9 ۔ صفر جوڑنا اور گھٹانا — 74



10۔ جوڑ (جمع) کرنے کی بجائے ضرب کیجیے — 84



11۔ برابر حصے میں تقسیم کیجیے — 95



12۔ کٹھا کٹھا کر کے گننا — 102



13۔ لمبائی کتنی ہے، معلوم کیجیے۔ — 109



14۔ کون بھاری کون ہلکا جانیے — 113



15۔ برتن لے کر پانی ناپیئے — 120



16۔ بارہ مہینوں کے نام جانیئے — 124



17۔ درست کر کے سجائیے — 134

سبق: 1



# تصویر کو پہچانیے

ہاتھی ، ہرن اور بندر مل جل کر جنگل میں رہتے تھے ۔ ندی کے اس پار پھل کے باغ میں نرم نرم گھاس اور مزیدار پھل کھانے کے لیے ان سب نے چاہا۔ ندی پار ہو کر باغ کو چلے ۔ باغ میں مل جل کر پھل کھایے اور سب خوش ہویے۔



☆ کون جانور کس راستے سے گیا ہے، اوپر کی تصویر سے کیا آپ بتا سکتے ہیں؟
کس کے پیر کے نشان کون سے ہیں آپ اپنے دوست کو بتایئے۔

☆ فرش پر آپ دوست کے پیروں کے نشان تیار کیجیے۔ کیا یہ آپ کے پیر کے نشان سے الگ ہے؟



آیئے بنائیں:

☆ ایک پتا لیجیے۔

☆ پتّے کو ایک سفید کاغذ کے اوپر رکھ کر اس کے چاروں کنارے میں پنسل سے لکیر کھینچیے پھر پتّے کو اٹھا لیجیے۔

☆ اب آپ کے دوست سے پوچھیے یہ کس درخت کا پتّا ہے؟

☆ اسی طرح آپ کئی طرح کے پتّے لیں اور اس میں مختلف شکل کی تصویر پائیں گے۔ نیچے دیے گیے خالی نقشوں میں مختلف درخت کے پتّے رکھ کر نقشہ بنائیے۔ ہر نقشہ کے نیچے کس درخت کا پتّا ہے لکھیے۔

☆ آیے کچھ چیزوں کی تصویر بنائیں۔

ماچس کی ڈبیا، اسکیل، لوڈو کی گوٹ، بوتل کا ڈھکن، ایک روپے اور پانچ روپے کا سکّہ حاصل کیجیے۔ ہر ایک چیز کو رکھ کر اس کے کنارے میں لکیر کھینچ کر تصویر بنائیے۔

آپ نے جو تصویریں تیار کیں ہیں ان کی شکل کو دیکھیے۔ نیچے دی گئی شکل کی طرح کیا وہ سب دکھائی دیتے ہیں؟

آپ کی بنائی ہوئی کن کن چیزوں کی شکل کے ساتھ نیچے دیے گیے نقشے برابر ہویے ہیں غور کیجیے۔



کون کون سی چیزوں کو رکھ کر ان کے کنارے لکیر کھینچنے سے آپ نیچے کے نقشوں کو پائیں گے اسی نقشہ کے نیچے لکھیے۔



☆ برابر نقشہ والی تصویروں کو ایک ہی طرح کے رنگ بھریئے:



☆ کون سے نقشہ میں ٹیڑھی لکیر ہے اس کے اوپر (    ) نشان لگائیے۔

☆ جو نقشے سیدھی لکیر سے بنے ہیں اس میں (    ) نشان لگائیے۔

☆ کتنے نقشوں میں 3 عدد سیدھی لکیریں ہیں؟

☆ کتنے نقشے 4 عدد سیدھی لکیروں سے بنے ہیں؟

اساتذہ کے لیے ہدایت: اوپر کے نقشوں میں دیے گئے یکساں اور فرق کا بچوں کے ساتھ مذاکرہ کریں۔ جیسے ٹیڑھی لکیر سے بنی، سیدھی لکیر سے بنی، کس میں کتنی سیدھی لکیریں ہیں، وغیرہ وغیرہ۔

## سیما کا کاغذ کاٹنا:

سیما نے کاغذ کاٹ کر  یہ سب نقشے تیار کیے۔ ہر ایک طرح کے نقشے سے بہت ساری چیزیں تیار کر کے ان سب کو جوڑ کر تصویر تیار کیا ہے ان سب کو دیکھیے۔



(କ) (ଖ) (ଗ) (ଘ) (ଙ) (ଚ)

☆ تصویر دیکھ کر کون سے نقشے میں کتنا عدد ہے لکھیے:

| تصویروں کی تعداد |  |  |  |  |
|---|---|---|---|---|
| କ | | | | |
| ଖ | | | | |
| ଗ | | | | |
| ଘ | | | | |
| ଙ | | | | |
| ଚ | | | | |




1۔ برابر والے نقشے کو آپس میں لکیر کھینچ کر جوڑیئے۔



2۔



اوپر کی تصاویر کے کس نقشہ میں کتنا عدد ہے گن کر لکھیے۔



اوپر کی تصویروں کی طرح آپ ایک تصویر اپنی کاپی پر بنائیے۔

3۔



اوپر کے نقشے کو نیچے دی گئی خالی جگہ میں بنائیے۔

4۔ کون کون سی چیزیں لے کر نیچے دیے گئے نقشوں کو تیار کر سکتے ہیں۔

| نقشہ | چیزوں کے نام |
|---|---|
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |

5۔ اسکول کے اندر اور اسکول کے باہر کن چیزوں میں نیچے دیے گئے نقشے آپ دیکھ رہے ہیں۔

| نقشہ | چیزوں کے نام |
|---|---|
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |

6۔ ہم شکل نقشوں کو ملائیے۔





7۔ اور نقشہ استعمال کر کے اوپر دیے گئے نقشے کی طرح اور چند تصویریں آپ تیار کیجیے۔

8۔ △ نقشہ کو ہرے رنگ، ⬭ نقشہ کو لال رنگ اور ▭ نقشہ کو پیلے رنگ سے بھریے۔



9۔



(i) بندر کے منہ میں ▬ نقشہ کے چشمہ لگائیے۔

(ii) باگھ کی تصویر میں ⧓ نقشہ کے مونچھ تیار کیجیے۔

(iii) لڑکی کی تصویر میں ● نقشہ کے بندیا اور کان میں پہننے کے کان کا پھول تیار کیجیے۔

(iv) لڑکے کی تصویر میں ■ نقشہ کا منہ تیار کیجیے۔

# سیدھی لکیر کھینچیں گے

شاہد اپنی ماں کے ساتھ باورچی خانہ میں چیزیں سجا کر رکھ رہا ہے۔ وہ سامان کو کس طرح سجا رہا ہے تصویر میں دیکھیے۔





4WHM9Q

اوپر کی تصویر دیکھ کر نیچے دیے گیے سوالات کے جواب دیجیے۔

☆ باورچی خانے میں آپ کون کون سی چیزیں دیکھ رہے ہیں؟

-----------------------------------------------

☆ شاہد کی امی باورچی خانے میں کیا کر رہی ہیں؟ -----------------------

☆ شاہد کیا کام کر رہا ہے؟ -----------------------

☆ کون کون سی چیزیں دیوار کے ساتھ ترچھی رکھی گئی ہے، جیسے:  -----------

☆ کون کون سی چیزیں زمین پر کھڑے ہونے کی حالت میں ہیں، جیسے:  -----------

☆ کون کون سی چیزیں زمین پر لیٹنے کی حالت میں رکھی ہیں؟ جیسے  -----------

یہ چیزیں کس حالت میں ہیں، شاہد نے ان کو اپنی کاپی پر لکیر کھینچ کر دکھایا۔


حالت کو بتانے کے لیے زمین پر کھڑے ہونے کی طرح سیدھی لکیر (   ) کھینچی۔


کو تصویر میں دکھانے کے لیے اس نے ترچھی لکیر (   ) کھینچی۔


کو تصویر میں دکھانے کے لیے اس نے زمین پر سونے کی حالت جیسی سیدھی لکیر (   ) کھینچی۔

کس چیز کے لیے کون سی تصویر استعمال کی جائے گی، لکیر کھینچ کر جوڑیے۔



☆ خالی نقشوں میں اس طرح کی لکیریں کھینچیے۔

آیئے کاغذ کو موڑ کر زمین پر کھڑے ہونے کی حالت کی طرح سیدھی لکیر بنائیں۔



☆ ایک کاغذ کا صفحہ لیجیے۔

☆ دکھائی گئی تصویر کی طرح اسے درمیان سے موڑیے۔

اب موڑ والی جگہ کو دبا دیجیے۔



☆ کاغذ کو کھول دیجیے۔

کیا دیکھ رہے ہو؟

غور کیجیے، کاغذ پر موڑ کا نشان ایک سیدھی لکیر ہے۔ اس طرح سیدھی لکیر کو زمین پر کھڑی ہوی سیدھی لکیر کہا جاتا ہے۔ کہیے آپ اپنی قریبی ماحول میں کس کس جگہ پر ایسی سیدھی لکیر دیکھتے ہو۔




آیئے کاغذ موڑ کر زمین پر سونے کی حالت جیسی سیدھی لکیر کھینچیں۔



☆ سادہ کاغذ لیجیے۔

☆ کاغذ کی دکھای گئی تصویر کو درمیان سے دو حصے کر کے موڑ دیجیے۔

☆ اب موڑی ہوئی جگہ پر اسے زور سے دبایئے۔ اب کاغذ کھول دیجیے۔

☆ آپ دیکھ پائیں گے کہ کاغذ کے درمیان مڑی ہوئی جگہ پر ایک سیدھی لکیر بن گئی ہے۔

اسی طرح ہم کاغذ موڑ کر زمین پر سوئی ہوئی جیسی سیدھی لکیر بنا پائیں گے۔ آپ ایک ورق کاغذ پر اسی طرح کی کتنی لکیریں بنا پائیں گے؟

نیچے دی گئی تصویر میں زمین پر سوئی ہوئی حالت جیسی سیدھی لکیروں کی پہچان کرائیے۔








کہیے اور کہاں کہاں اسی طرح کی سیدھی لکیر دیکھنے کو ملتی ہے؟ کاغذ موڑ کر ہم اور بھی ترچھی لکیر تیار کر سکتے ہیں۔



☆ آپ تصویر میں دیے گیے جیسا کاغذ کا ورق لیجیے۔

☆ کاغذ کے ایک کونے کو پکڑ کر درمیان سے موڑ دیجیے اور اسے دبا دیجیے۔

☆ اب اس کاغذ کو کھول دیجیے۔

آپ دیکھیں گے کہ کاغذ پر ایک ترچھی سیدھی لکیر تیار ہو گئی ہے۔

☆ آپ کہاں کہاں ترچھی، سیدھی لکیر بنی ہوئی دیکھتے ہو؟







آیے نیچے دیے گیے نقطوں سے تین طرح کی سیدھی لکیریں تیار کیجیے۔

نازیہ اور عرفات نے دیے گیے نقطوں سے نقطوں کو جوڑ کر لکیر تیار کیا ہے۔آپ اسے دیکھیے۔



☆ دونوں کی کھینچی ہوئی لکیروں میں آپ کیا فرق دیکھ رہے ہو؟ ...............................................

☆ نقطوں کو جوڑ کر نازیہ کے ذریعہ تیار کی گئی لکیر کو کیا سیدھی لکیر کہہ سکتے ہیں؟ اور کیوں؟ ..............................

☆ اپ کے چاروں طرف نظر آتی ہوئی چیزوں کے درمیان کون کون سی چیزوں پر سیدھی لکیر ہے؟ کہیے اور لکھیے۔

...............................................................................................

☆ ایک ماچس کی ڈبیا لیجیے۔ اسے آپ اپنی کاپی پر رکھیے۔
اسے اوپر سے دبا کر پکڑیے اور تصویر میں دکھائے جانے کی طرح اس کے ایک کنارے پر پنسل سے لکیر کھینچیے۔



کیا آپ اسی طرح مختلف سیدھے کنارے والی چیزوں کو استعمال کر کے سیدھی لکیر تیار کر سکتے ہیں۔
سیدھے کنارے والی چیزوں کو استعمال کر کے کئی سیدھی لکیریں کھینچیے۔

اسکیل استعمال کر کے سیدھی لکیر کھینچنے کی مشق:

☆ آپ اپنی کاپی میں ایک ورق پر اسکیل کو دبا کر رکھیے۔
☆ اسکیل کے ایک کنارے پر پنسل کی مدد سے ایک لکیر کھینچیے۔





دیکھیے آپ کی کھینچی ہوئی لکیر سیدھی ہے یا ٹیڑھی۔
☆ نیچے دیے گئے نقطوں کو جوڑ کر مختلف طرح کی سیدھی لکیر تیار کیجیے۔

آپ نے نقطوں کو جوڑ کر جس طرح سیدھی لکیریں بنایا ہے نیچے دی گئی جگہ پر ہاتھ سے اسی طرح سیدھی لکیر کھینچے۔

اڈیشی ناچ میں سیدھی لکیر۔

دیکھیے لڑکی کس طرح ناچ رہی ہے۔

غور کیجیے، کہ ناچتی ہوئی لڑکی کے دونوں ہاتھ کس طرح کی لکیر تیار کرتے ہیں۔





آپ اسی طرح کی تصویر تیار کیجیے۔




1۔ نیچے دی گئی کن کن چیزوں کو استعمال کر کے آپ سیدھی لکیر کھینچ سکتے ہو؟



2۔ نیچے دیے گیے نقطوں کو جوڑیے:

(i) کتنی سیدھی لکیریں ملیں؟

(ii) زمین پر کھڑے ہونے کی طرح سیدھی لکیر کو ٹھیک (   ) نشان دے کر پہچان کرائیے اور ترچھی سیدھی لکیر کے سامنے غلط (   ) نشان لگائیے۔

3۔ (i) نیچے دی گئی تصویر کو دیکھیے۔ کس طرح اور کتنی سیدھی لکیریں ہین، گن کر لکھیے۔



زمین پر کھڑی ہوئی سیدھی لکیر .............عدد۔

زمین پر لیٹی ہوئی سیدھی لکیر .............عدد۔

ترچھی سیدھی لکیر .............عدد۔

(ii) اسی طرح کی ایک تصویر آپ اپنی کاپی پر بنائیے۔

4۔ نیچے موجود نقطوں پر سیدھی لکیر اور تیڑھی بنی ہوئی لکیر استعمال کر کے مختلف تصاویر بنائیے۔



## سبق: 3

# لڑھکائیں گے اور گھسیٹیں گے



ایک بار ایک بھیڑ کا بچہ اپنی دادی جان کے پاس ملاقات کے لیے جارہا تھا۔




جنگل کے راستے سے جاتے ہوئے بھیڑ کے بچے نے ایک بھیڑیا کو دیکھا۔




مجھے مہربانی کر کے جانے دیجیے میں اپنی دادی ماں سے ملاقات کے لیے جارہا ہوں۔ ان کی طبیعت بہت خراب ہے۔ میں جب واپس آؤں گا تو مجھے تم کھا لینا۔ تب تک میں موٹا اور بڑا بھی ہو جاؤں گا۔

بھیڑ کے بچے نے کہا۔



بھیڑ کے بچے نے اپنی دادی ماں کو ساری باتیں بتائیں۔

دادی ماں نے ایک ترکیب نکالی۔



جاؤ اس ڈھول کے اندر گھس جاؤ۔

بھیڑ کے بچے نے وہی کیا۔



دادی ماں نے ڈھول کو راستے پر لڑھکا دیا۔

اور ڈھول لڑھکنے لگا۔




ڈھول کے اندر بھیڑ کے
بچے نے دیکھا کہ
بھیڑیا اس کے انتظار میں ہے۔



بھیڑیا کو شک ہوا۔
وہ لڑھکتے ہوئے ڈھو
ل کے پیچھے پیچھے چلا۔



پہلے بھیڑ کا بچہ دوڑ کر اپنے
بھیڑیا کے پکڑنے سے
گھر کے اندر گھس گیا۔

اب نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

☆ ڈھول راستے میں کس طرح آرہا تھا؟

☆ پھیڑ کا بچہ ایک بکسے کے اندر گھس پڑا ہوتا تو کیا لڑھکتا لڑھکتا آسکتا تھا؟

☆ تمہاری نظر میں کون کون سی چیزیں ڈھول کی طرح زمین پر لڑھک سکیں گی؟

☆ نیچے دی گئی تصویروں کو دیکھیے اسکول کے میدان میں بچے کھیل رہے ہیں۔ کچھ بچے اوپر سے نیچے پھسل رہے ہیں۔ کچھ چیزوں کو بچے کھینچ کھینچ کر لے جا رہے ہیں۔







غور کیجیے، کچھ چیزیں لڑھک لڑھک کر جاتی ہیں۔ اسی طرح بہت ساری چیزوں کو گھسیٹ کر لیا جاتا ہے۔ ایسی بھی چند چیزیں ہیں جو لڑھکتی بھی ہیں اور گھسیٹی بھی جاتی ہیں۔

☆ آپ اپنے چاروں طرف موجود چیزوں پر غور کیجیے اور نیچے کے نقشے کو بھریے۔

| لڑھکنے والی چیزیں | گھسیٹی جانے والی چیزیں |
| --- | --- |
| | |

آؤ، سکہ کو لے کر کھیلیں۔

ایک روپے کا سکہ لیجیے اور تصویر میں جس طرح سکہ کو دکھایا گیا ہے اسی طرح پکڑیے اور لڑھکائیے۔



کیا سکہ لڑھکا؟ اس طرح پکڑ کر کیا سکہ گھسیٹا جا سکتا ہے؟ کوشش کیجیے۔

آئیے ایک کاغذ کو کاٹ کر درخت بنائیں:

- ☆ اسی طرح کا ایک کاغذ کا ٹکڑا لیجیے۔
- ☆ کاغذ کو موڑ کر پائپ کی طرح بنائیے۔
- ☆ کیا یہ پائپ لڑھک سکے گا؟
- ☆ اب تمہارا کاغذ کا پائپ اسی طرح نظر آتا ہوگا۔
- ☆ ایک قینچی لے کر کاغذ کے پائپ کے ایک طرف 7 یا 8 بار کاٹیئے۔
- ☆ کاغذ کے کٹے ہوئے ٹکڑوں کو باہر کی طرف پلٹ دیجیے۔
- ☆ اب کاغذ کا درخت تیار ہو گیا۔
- ☆ اس میں رنگ بھر دیجیے۔











آؤ، لڑھکنے والی اور گھسٹنے والی چند چیزوں کو لے کر کھلیں گے۔

☆ چند ماچس کی ڈبیا، ٹین کے ڈبے، گیند، کانچ کی گولیاں جمع کیجیے۔

☆ ایک طرح کی چیزوں کو ایک کے اوپر ایک رکھ کر سجائیں۔

☆ دیکھیے کن کن چیزوں کو ایک کے اوپر ایک رکھ کر سجا سکیں گے؟

☆ کن چیزوں کو ایک کے اوپر ایک رکھ کر نہ سجا پائیں گے؟



گاڑی تیار کرنے کا کھیل:

☆ سانی ہوئی مٹی سے 4 عدد پہیے بنائیے۔

☆ دی گئی تصویر کی طرح دو پہیوں کو ایک ڈنڈے سے جوڑیے۔

☆ گاڑی کے آگے دھاگا باندھ کر کھینچیے۔ کیا گاڑی لڑھک رہی ہے؟

☆ اب ایک اینٹ لیجیے اینٹ کو دونوں ہاتھ سے اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ پر لائیے اور آپ اس اینٹ کو پہلے سے تیار کی گئی گاڑی پر رکھیئے اور گاڑی کو کھینچیے۔

ہاتھ سے اینٹ کو اٹھانے میں اور گاڑی کے ذریعہ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے میں ان دونوں طریقوں میں سے کون سا آسان لگا؟

آسانی کس میں ہے سوچ کے بتائیے۔



## عملی مشق

1۔ نیچے دی گئی چیزوں میں سے جو لڑھک سکیں گی ان کے اوپر صحیح (   ) نشان لگائیں۔



2۔ کن چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ تک کھینچ کر لیا جا سکے گا؟ اس پر رنگ بھریئے۔



3۔ نقطوں کو ملایئے اور ان سے بننے والی چیزوں کے نام لکھیے۔



4۔ اوپر دی گئی چیزوں میں سے کون کون سی چیزیں ایک کے اوپر ایک رکھی جا سکتی ہے لکھیے۔





سبق: 4

# اکٹھا اکٹھا کر کے شمار کریں گے



چیتن نے جادوگر سے کہا، میرے ایک روپے کو تین روپے بنا دیجیے میں چاکلیٹ کھاؤں گا۔ جادوگر نے اس روپے کو ڈبیا میں ڈال کر چو۔رو۔رو۔رو کا منتر پڑھا۔ اس کے کان کے پاس ڈبیا کو ہلا کر اس کے ہاتھ میں روپے ڈال دیا۔ چیتن نے چٹ پٹ گن کر تین روپے کہا۔



جادوگر نے چو۔رو۔رو۔رُھس کہہ کر ناک کے نزدیک سے روپے نکالا۔ چیتن گن کر 3 اور 3، 6 روپے کہا۔

اسی طرح ہاتھ، پیر، گھٹنے اور سر سے روپے نکالے۔

چیتن نے گننا شروع کیا۔ 12,9,6,3 اور 15 روپے۔



رینا نے اس بار ایک پل میں 5 روپے نکالنے کے لیے کہا۔

جادوگر نے پہلے کی طرح 5 روپے کے حساب سے ہر بار نکالا۔

رینا نے گننا شروع کیا: 20,15,10,5.......روپے۔

اب آپ بتائیے:

☆ چیتن نے پائے ہوئے روپے کو کس طرح شمار کیا؟

☆ چیتن درمیان میں سے کتنے عدد چھوڑ کر گن رہا تھا؟

☆ اس نے پہلے کہاں سے عدد گننا شروع کیا؟

☆ رینا نے کہاں سے عدد گننا شروع کیا؟

☆ رینا درمیان میں کتنے عدد چھلانگ کر گن رہی تھی؟

ان سب کو چھلانگ چھلانگ کر آگے لیجیے۔



کس طرح شمار کریں گے؟10,8,6,4,2...........



کس طرح شمار کریں گے؟20,15,10,5...........



خرگوش ایک بار میں 4 گھر چھلانگ لگائے گا۔36 تک پہنچنے کے لیے اسے کتنی بار چھلانگ لگانا پڑے گا؟



مینڈک نے چھلانگ لگانے والے عدد سے پہنچنے والے عدد کے درمیان کتنے عدد پار کیا؟

ایک خرگوش ہر چھلانگ میں 10 پتھر پار کرتا ہے۔ آپ خرگوش کے چھلانگ لگایے ہویے پتھر پر نمبر لکھیے ۔



استاد کے لیے ہدایت: کسی بھی عدد سے گننا شروع کر کے بچوں کو مختلف طریقوں سے گننے کو موقع فراہم کیا جایے۔ جیسے بچے 2-2 عدد کر کے 3-3 عدد کر کے 4-4 عدد کر کے 5-5 عدد کر کے اور بچے 10-10 عدد کر کے بھی شمار کر سکتے ہیں۔ اسی طرح چیزوں کا استعمال کر کے بھی گننے کا عمل کیا جا سکتا ہے۔

## گاؤں کا ہاٹ



بچے پکنک میں جانے کے لیے اپنے استاد کے ساتھ چیزیں خرید رہے تھے۔ استاد نے فہرست دیکھی اور کہا۔

نیمبو 12 عدد،

ناریل 8 عدد اور

کیلا 24 عدد خریدنا ہوگا۔

روما، شاہد اور سیما نے کس طرح نیبو، ناریل اور کیلے خریدے دیکھیے۔



روما: مجھے نیبو 12 عدد دیجیے۔

نیبو والے نے چار چار عدد کر کے نیبو گنا۔



| | | |
|---|---|---|
| بھاگ | بھاگ | بھاگ |

کل 12 عدد نیبو = 3 بھاگ



شاہد: مجھے 8 عدد ناریل دیجیے۔

ناریل والا: اس نے دو دو کے حساب سے گن کر ناریل دیا۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 جوڑا | 1 جوڑا | 1 جوڑا | 1 جوڑا |

کل چار جوڑے ناریل = 8 عدد ناریل



سیما: مجھے 24 عدد کیلا دیجیے۔

کیلے والے نے بارہ بارہ کے حساب سے کیلے گن کر دیے۔




کل دو درجن کیلے = 24 کیلے۔

اب آپ کہیے

☆ دکان دار نے ہر بار 2 عدد ناریل لے کر 8 ناریل کو کتنی بار شمار کیا؟

☆ کتنی بار شمار کرنے سے 12 نیبو ہوا؟

☆ 24 کیلوں کو کتنی بار شمار کیا گیا؟

☆ کس نے زیادہ شمار کیا؟

☆ ایک بار 4 کے حساب سے شمار کیا گیا تو 8 ناریل کو کتنی بار گننا جاتا؟

☆ ایک بار میں زیادہ چیزیں لے کر گننے سے کیا سہولت ہوتی؟

**ایک بار زیادہ تعداد میں چیزیں لے کر گننے سے کم بار گننا پڑتا ہے۔**

خرگوش اور بندر ہر ایک کے پاس 20 عدد بیر ہے۔ 20 بیروں کو کون کتنی بار گنے گا؟





دیکھیے 30 عدد چراغ کو کس طرح گنا جارہا ہے۔




اب بتائیے:

- ☆ کس نے ایک بار میں کتنے عدد چراغ گنے؟
- ☆ رنکی نے کتنی بار گنا؟
- ☆ ان لوگوں کے درمیان 30 کے لیے کس نے کم گنتی کی؟
- ☆ ان لوگوں کی گنتی میں سے کس کی گنتی زیادہ آسان ہے اور کیوں؟

استاد کے لیے ہدایت: جوڑا، بھاگ، درجن، وغیرہ کئی طرح گنے جاتے ہیں۔ لیکن 10-10 عدد کر کے گننا آسان اور سہولت والا طریقہ ہے اس بات کا بچوں میں احساس پیدا کرانا ضروری ہے۔ بچوں کو جوڑا، بھاگ، گنڈا، درجن وغیرہ جیسے الفاظ سے تعارف کرائیں گے۔

## دس دس کر کے گننا:

دس موم بتیوں کا ایک گٹھا، تو کتنا گٹھا ہوا اور کتنا بچا۔



محسن نے گنا




حبیب:

23=2دس، 3 ایک

☆ دس پھولوں میں ایک گچھا ہوتا ہے۔ دیکھیے پھول کے کتنے گچھے ہوئے۔





کل 46 پھول تھے۔ چار گچھے پھول ہوئے اور 6 پھول بچے

46=4دس 6ایک

پتوں کے نیچے جو کچھ ہے پتوں کے اوپر ہی لکھیے ۔





اسکول کو صاف ستھرا کرنے کے لیے 10 بچوں کا ایک دل بنایا گیا۔ لکھیے ہر درجے میں کتنے دل ہوں گے اور کتنے بچے بچیں گے۔

| درجہ | بچوں کی تعداد | دلوں کی تعداد | باقی بچے بچے |
|---|---|---|---|
| اول | 43 | 4 | |
| دوم | 37 | 3 | |
| سوم | 31 | | |
| چہارم | 26 | | |
| پنجم | 30 | | |
| ششم | 29 | | |
| ہفتم | 24 | | |



ایک درخت کی کھوکھلی جڑ میں ایک گیدڑ، درخت پر ایک کوّا اور بہت سارے توتے ایک ساتھ رہتے تھے۔

ایک دن توتے درخت پر واپس نہیں آیے۔



کوّا اور گیدڑ دونوں انہیں تلاش کرنے کے لیے نکلے۔
انھوں نے طوطوں کو جال میں پھنسے دیکھا۔
گیدڑ نے طوطوں سے کہا ''ڈرو گے تو مرو گے۔
میں جو کچھ کہہ رہا ہوں وہی کرو۔
تم سب مردے کی سی حالت بنا کر پڑے رہو،
میں جھاڑی میں چھپ جا رہا ہوں۔ جب میں
اگلے دونوں پیروں کو اٹھاؤں گا تو کوّا کائیں کائیں
کرے گا اور تم سب اڑ جانا۔



شکاری آیا۔
اس نے طوطوں کو مردہ سمجھ کر جال سے ایک ایک
طوطا نکال کر باہر رکھا۔ گیدڑ گننا شروع کیا۔
جس وقت 63 طوطے ہو گیے۔ گیدڑ اپنے
دونوں اگلے پیروں کو اٹھا دیا اور کوّا کائیں کائیں
کرنا شروع کر دیا۔ سارے طوطے ایک ساتھ درخت
پر اڑ گیے۔



کوّے نے گیدڑ سے پوچھا ''اتنے طوطوں کو تم نے کس طرح گنا؟''
گیدڑ نے جواب دیا ''دیکھیے میں نے کس طرح آسانی سے گنا۔''



ایک طوطا
۴، طوطا
۹، طوطا
۱۰، طوطا
۲۰، طوطا
۲۱، طوطا
۴۵، طوطا
۶۳، طوطا



گیدڑ نے کہا ''میں نے کس طرح گنا وہ تم نے دیکھا اب تم بھی اسی طرح اعداد کے کارڈ بناؤ۔

۳۰طوطا =

۴۷طوطا =

۵۷طوطا =




1۔ ایک بار میں نیولے نے ۳، کے حساب سے گنا۔ ایک بار میں بلّی نے ۵، کے حساب سے گنا۔



بتائیے ساری مچھلیوں کو کس نے زیادہ بار گنا؟ ......................................

2۔ خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

| عدد | دس | ایک |
|---|---|---|
| ۳۷ | ۳ | |
| ۸۱ | | ۱ |
| ۴۸ | | |
| ۹۷ | | |
| | ۵ | ۵ |
| | ۷ | ۹ |

3۔



ہری بندیا کی قیمت ۱۰، اور پیلی بندیا کی قیمت ۱۔
لکھیے اسعد اور نجمہ نے کون کون سا عدد پایا۔

نجمہ کو ملے اعداد = ...................

اسعد کو ملے اعداد = ...................

4۔ آپ اپنے دل میں سوچ کر دو ہندسے والے ۶ عدد لکھیے۔ پھر ان سب کو دس اور ایک میں پھیلا کر لکھیے۔

سبق: 5



# چھوٹے بڑے عدد پہچانیں گے

ہاتھی بھائی کے کھلونے کی دکان:








گوپال کے پاس ۹ روپے ہے۔

سکینہ کے پاس ۹۹ روپے ہے۔

گوپال کے پاس کتنے روپے ہیں؟ ________

وہ کون کون سے کھلونے خرید سکتا ہے؟ ________

وہ کھلونے کس کے پاس ہیں؟ ________

☆ جو کھلونے خرگوش کے پاس ہیں ان کی قیمت لکھیے۔ جیسے۔ کار کی قیمت = ۱۵روپے

ہاتھی کی قیمت = ____________

گڑیا کی قیمت = ____________

بلّا کی قیمت = ____________

☆ کیا گوپال خرگوش کے پاس سے کھلونا خرید سکتا ہے؟ ____________

☆ گوپال خرگوش کے پاس سے کھلونے کیوں نہیں خرید سکتا؟

غور کیجیے:

۵، کے عدد میں صرف ایک ہی ہندسہ ہے، وہ ہے ۵۔

اب کہیے اور لکھیے:

۷، کے عدد میں ............عدد ہندسہ ہے، وہ ہے ..........۔

۹، کے عدد میں ............عدد ہندسہ ہے، وہ ہے ..........۔

۴، کے عدد میں ............عدد ہندسہ ہے، وہ ہے ..........۔

لیکن ۱۵، کے عدد میں ............عدد ہندسہ ہے، وہ ہے ..........۔

اب کہیے:

۱۷، کے عدد میں ............عدد ہندسے ہیں، وہ ہیں ..........اور ..............۔

۹۰، کے عدد میں ............عدد ہندسے ہیں، وہ ہیں ..........اور ..............۔

۹۹، کے عدد میں ............عدد ہندسے ہیں، وہ ہیں ..........اور ..............۔



دو اعداد کے درمیان جس عدد کے ہندسوں کی تعداد زیادہ ہو، وہی عدد بڑا ہے۔

ہر ایک سطر میں لکھے گیے دو اعداد میں سے چھوٹے عدد پر گول نشان لگائیے۔

جیسے:

| | |
|---|---|
| ۱۷ | ۷ |
| ۱۳ | ۵ |
| ۴ | ۴۴ |
| ۱۰ | ۲ |

| | |
|---|---|
| ۳ | ۲۴ |
| ۳۵ | ۸ |
| ۲ | ۱۲ |
| ۹ | ۹۱ |

بچے گھوڑا اور اونٹ پر بیٹھنے کے لیے اس آدمی کے پاس لائن لگاۓ۔

اونٹ پر بیٹھنے کے لیے ۶۵ روپے۔
گھوڑے پر بیٹھنے کے لیے ۳۷ روپے۔



آدمی نے گیتا سے کہا۔ اونٹ پر بیٹھنے کے لیے ۶۵ روپے کی ضرورت ہے۔ آپ کے پاس ۷۲ روپے ہیں، وہ ۶۵ روپے سے زیادہ ہیں اس لیے تم اونٹ پر بیٹھ سکتی ہو۔

| | |
|---|---|
| ۷۲ روپے | ۶۵ روپے |
| ۷۲ = ۷ دس، ۲ ایک | ۶۵ = ۶ دس، ۵ ایک |

۷۲ کی دہائی کی جگہ پر کون سا ہندسہ ہے؟ ______

۶۵ کی دہائی کی جگہ پر کون سا ہندسہ ہے؟ ______

۷، ۶ سے بڑا ہے اس لیے ۷۲ کا عدد ۶۵ سے بڑا ہے۔

اس آدمی نے نازیہ سے کہا۔ اونٹ پر بیٹھنے کے لیے ۶۵ روپے کی ضرورت ہے۔

آپ کے پاس ۳۲ روپے ہیں، ۳۲ روپے، ۶۵ روپے سے کم ہے۔ اس لیے تم اونٹ پر نہیں بیٹھ سکتی۔

| | |
|---|---|
| ۳۲ = ۳ دس، ۲ ایک | ۶۵ = ۶ دس، ۵ ایک |

۳۲ کی دہائی کی جگہ پر ۳ اور ۶۵ کی دہائی کی جگہ کا ہندسہ ۶ ہے۔

ہندسہ ۳، ہندسہ ۶ سے چھوٹا ہونے کی وجہ سے ۳۲ کا عدد ۶۵ کے عدد سے چھوٹا ہے۔

**ہم نے کیا سیکھا:**

دو ہندسے والے دو اعداد کے درمیان جس عدد کی دہائی کی جگہ کا ہندسہ بڑا ہو، وہ عدد دوسرے عدد سے بڑا ہے۔



سچن کے پاس ۶۱ روپے تھے، کیا وہ اونٹ پر بیٹھ سکتا ہے؟

آؤ دیکھیں: ۶۱ = ۶/دس، ۱/ایک   ۵۶ = ۶/دس، ۱/ایک

غور کیجیے، دونوں عدد کی دہائی کی جگہ کا ہندسہ برابر، لیکن اکائی کی جگہ کا ہندسہ الگ ہے۔ ۶۵ کی اکائی کی جگہ کا ہندسہ، ۶۱ کی اکائی کی جگہ کے ہندسہ سے زیادہ ہے۔

اس لیے ۶۵ کا عدد زیادہ اور ۶۱ کا عدد کم ہے۔



دونوں عدد دو ہندسوں والے اعداد کی دہائی کی جگہ کے ہندسہ کے برابر ہونے سے جس عدد کی اکائی کی جگہ کا ہندسہ بڑا ہوگا وہی عدد بڑا ہے۔

☆ خرگوش کے پاس دہائی کی جگہ کا ہندسہ ہے۔

بندر کے پاس سے کون کون سا ہندسہ لاکر اکائی کی جگہ پر لکھنے سے نیا عدد ۴۵ سے بڑا عدد ہوگا؟




| دہائی | اکائی |
|---|---|
| ۴ | |
| ۴ | |
| ۴ | |



☆ مینا کے پاس دہائی کی جگہ پر لکھے ہوئے ہندسہ کا کارڈ ہے۔ وہ توتا سے ہندسہ کا کارڈ لاکر اکائی کی کس جگہ پر رکھنے سے نیا عدد ۷۲ سے کم ہوگا۔




| دہائی | اکائی |
|---|---|
| ۷ | |
| ۷ | |
| ۷ | |
| ۶ | |
| ۶ | |





# عملی مشق

1۔ ہر گھر میں لکھے گیے اعداد کے درمیان سے بڑے عدد کے نیچے بلّی  کا منھ بنائیے۔ چھوٹے عدد کے نیچے چوہے  کا منھ بنائیے۔

| ۸۹ | ۹۹ | ۲ | ۵۷ | ۵ | ۹ | ۷۲ | ۷۱ | ۲۳ | ۲۵ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |  |  |

2۔ خالی جگہوں میں عدد لکھیے۔

(i) 

خرگوش کے اعداد کے ہندسہ کو الٹ پلٹ کرنے سے نیا عدد ۵۳ ہوگا تو پہلا عدد کتنا تھا؟

نیا عدد= ......................

پہلا عدد= ......................

(ii) 

نیا عدد= ......................

پہلا عدد= ......................

(iii) 

نیا عدد= ......................

پہلا عدد= ......................

(iv) 

نیا عدد= ......................

پہلا عدد= ......................

3۔ بلّی کے پاس موجود اعداد کے ہندسوں کو الٹ پلٹ کیجیے۔ نیے عدد کو نیچے کے گھروں میں لکھیے۔ بڑے عدد کے گھروں میں رنگ بھریے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۸۹ | ۳۴ | ۴۰ | ۹۱ | ۵۸ |
| | | | | ۸۵ |

4۔

| | |
|---|---|
| ۳ | ۵ |
| ۱ | ۹ |

ان ہی چار ہندسوں کو استعمال کر کے دو ہندسوں والے عدد بنائیے۔ جیسے ۳۱، ۵۹۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |

ان سب میں سب سے چھوٹا عدد کتنا ہے؟ ........................

ان سب میں سب سے بڑا عدد کتنا ہے؟ ........................

5۔ (i) ۶ کو دہائی کی جگہ پر لکھ کر دو ہندسوں کا عدد بنائیں گے۔

| | |
|---|---|
| ___ | ۶۷ |
| ___ | ___ |
| ___ | ___ |
| ___ | ___ |

ان سب میں سب سے چھوٹا عدد کتنا ہے؟ ____________

ان سب میں سب سے بڑا عدد کتنا ہے؟ ____________

(ii) آیئے اب ۶ کو اکائی کی جگہ پر رکھ کر عدد بنائیں گے۔




| | |
|---|---|
| ___ | ۸۶ |
| ___ | ___۶ |
| ___ | ___ |
| ___ | ___ |

ان سب میں سب سے چھوٹا عدد کتنا ہے؟ __________

ان سب میں سب سے بڑا عدد کتنا ہے؟. __________

(i)-6




مینڈک کا جواب ۱۶ بڑا ہے۔

خرگوش: کیسے جانا؟

مینڈک: ۸ میں ایک ہندسہ ہے، ۱۶ میں ۲ ہندسے ہیں

(ii)




خرگوش: کیسے جانا بتائیے؟

مینڈک: __________

(iii)




خرگوش: کیسے جانا بتائیے؟

مینڈک: __________

سبق: 6

# کس کی جگہ کہاں، جانیں گے




''جنگل کی حفاظت، زندگی کی حفاظت'' جانور اور پرندوں کے بچے یہ بات کہتے ہوئے جنگل میں گھوم رہے تھے۔

یہ بات شہنشاہ شیر کے دل کو پسند ہوئی۔ اس نے باگھ سے کہا:

''جنگل کی نگرانی کے لیے مضبوط اور طاقتور جانور چن کر چوکیداری کی نوکری دیجیے۔



باگھ نے سوچا، دس جانور چننے
کے لیے ایک دوڑ کا مقابلہ کیا جائے۔
اور بھالو نے ڈھول بجا کر جنگل میں ہل چل مچا دیا۔

اس کے دوسرے دن دوڑ کا مقابلہ ہوا۔ سب جانور ایک جگہ اکٹھا ہوئے۔ دوڑ کا مقابلہ شروع ہوا۔

بندر جج بنا۔ پاتی بندر نے لکھائی کا کام شروع کیا۔

آگے پیچھے ہو کر جن دس جانوروں نے لال لکیر پار کیا ان کے گلے کا کارڈ ڈال دیا گیا۔






چیتا باگھ نے سب سے پہلے لال لکیر پار کیا۔

چیتا باگھ ۔ پہلا

ہرن ۔ دوسرا

پہاڑی بھینس ۔ تیسرا

پاتی بندر نتیجہ لکھ رہا ہے۔ اس کی مدد کیجیے۔

لکھیے :

☆ پہلے کس نے آکر لال لکیر پار کیا؟ ......................

☆ پہلا لکھا ہوا کارڈ کس نے پایا؟ ......................

☆ چیتا باگھ کے بعد کس نے لال لکیر پار کیا؟ ......................

☆ اس کو ملے ہوئے کارڈ میں کیا لکھا تھا؟ ....................

☆ گھوڑا کون سی جگہ پر ہے؟ ....................

☆ پانچویں جگہ پر کون ہے؟ ....................

☆ بھالو کے پہلے کتنے پہنچے تھے؟ ....................

☆ کون آخر میں آیا؟ ....................

☆ اس کو ملے ہوئے کارڈ میں کیا لکھا ہوا تھا؟ ....................

نیولا کا مچھلی پکڑنا:

نیولا کی بنسی میں سب سے پہلے بھاکر مچھلی پکڑی گئی؟

بھاکر کو بچانے کے لیے کون کون

اس کے پیچھے پیچھے چلتے گیے؟

بنسی وزنی ہونے کے سبب نیولا نے

کس کو بلایا؟

اود بلاؤ اور نیولا میں کون کس کو کھائے گا

لکیر کھینچ کر دکھایئے۔



☆ ایک بار کتوں میں سندرصحت کا مقابلہ ہوا۔ان کے سندرصحت کے مطابق اول سے تک دس کل ۱۰ کتے کھونٹی میں بندھے ہویے ہیں۔کھونٹی سے رسی لگائیے اور جو جوان کی جگہ نکلتی ہے اس پر پہلا، اور دوسرا نمبر وغیرہ لکھیے۔




☆ کالے کتے نے کون سا انعام پایا؟ ________

☆ پہلے کے لیے مختصر سا کیا لکھا گیا ہے؟ ________

☆ چوتھا کے لیے مختصر سا کیا لکھا گیا ہے؟ ________

☆ ساتواں کے لیے مختصر سا کیا لکھا گیا ہے؟ ________

☆ نواں کے لیے مختصر سا کیا لکھا گیا ہے؟ ________

☆ دسواں کے لیے مختصر سا کیا لکھا گیا ہے؟ ________





# عملی مشق




☆ منا کس سیڑھی پر کھڑا ہے؟ ________

☆ منّی کتنی سیڑھی چڑھنے کے بعد تیسرے زینے پر پہنچی؟ ________

☆ منا کتنی سیڑھی اترنے کے بعد کنا کے کھڑے ہوئے زینے پر پہنچے گا؟ ________

☆ لینا ۴ سیڑھی اترنے کے بعد کس زینے پر پہنچے گی؟ ________

☆ منی کتنی سیڑھی اوپر جانے سے اور منا کتنے زینے نیچے آنے سے دونوں ایک ہی زینے پر پہنچیں گے؟

________

اب لکھیے: پہلا = اول

دوم = ________ ، سوم = ________ ، چہارم = ________ ،

پنجم = ________ ، ششم = ________ ، ہفتم = ________ ،

نہم = ________ ، دہم = ________ ، ________

2۔ کھلاڑیوں کے ٹوکن پر کچھ لکھا گیا ہے اور کچھ خالی ہے۔ خالی گھروں کو پر کر کے کون سا ٹوکن کس کا ہے، لکیر کھینچ کر بتائیے۔




3۔ آپ کے درجہ کے وہ بچے جو امتحان میں ایک خاص جگہ پایے ہیں، اول سے دس تک ان کے نام دیے گیے ہیں۔ ۲۰ نمبر سے کون کتنا پایے گا آپ خود نمبر لگائیے۔

| بچوں کا نام | مقام | نمبر |
| --- | --- | --- |
| اشوک | پہلا | ........................ |
| روزی | دوسرا | ........................ |
| بابولا | تیسرا | ........................ |
| متالی | چوتھا | ........................ |
| سلیم | پانچواں | ........................ |
| انتھونی | چھٹا | ........................ |
| حامد | ساتواں | ........................ |
| راہی | آٹھواں | ........................ |
| گوپال | نواں | ........................ |
| رستم | دسواں | ........................ |

سبق: 7

# جوڑ کریں گے

آنکھ کا ڈاکٹر چمگادڑ:



گاؤں کے کنارے ایک برگد پر ۱۵/ الو اور ۱۲/ کبوتر رہتے تھے۔ ان سب کے درمیان کبھی کبھی لڑائی جھگڑا بھی ہوجاتا۔ کبوتروں کی جماعت نے الوؤں کی جماعت کو طعنہ دے کر کہنے لگی کہ ''جب ہم سب دن کے اجالے میں دانہ دنکا چگنے میں لگے رہتے ہیں تو تم سب درخت کے کھوکھلے میں چھپے بیٹھے رہتے ہو۔ دن کے اجالے میں بھی تم سب کچھ دیکھ نہیں سکتے''۔

ان کی ان باتوں سے الوؤں کو بہت دکھ ہوا۔ مگر وہ کب پیچھے ہٹنے والے تھے۔ الوؤں کی جماعت کو غصہ آ گیا اور لال پیلی ہوکر کہنے لگی ''تمہاری آنکھوں کا قصور ہے۔ ہم سب جب اندھیری رات میں کھیل کود کرتے ہیں تو تم سب درخت کی ڈالی پر بیٹھ کر اونگتے رہتے ہو۔''



جب دونوں جماعتوں میں جھگڑا بڑھ گیا تو چمگادڑ نے اس میں مداخلت کی۔ دونوں جماعتوں کو بلا کر ڈاکٹر چمگادڑ نے کہا ''آپس میں لڑائی جھگڑا نہ کرو۔ میرے پاس ایک ایک کر کے آؤ میں تم سب کی آنکھوں کی جانچ کروں گا۔

سب کی آنکھوں کی جانچ کرنے کے بعد چمگادڑ نے کہا" آپ سب کی آنکھوں میں کمزوری ہے۔اس کے لیے دوائی کام نہیں کرے گی۔تم سب کو چشمہ لینا ہوگا؟

اب کہیے کتنے چشموں کی ضرورت ہے۔

| | |
|---|---|
| کبوتر کے لیے | ۱۲عدد چشمے |
| الوؤں کے لیے | ۱۵عدد چشمے |
| کل | ۲۷عدد چشمے |

جوڑ کس طرح کیا گیا ہے، دیکھنا ہے۔آیئے چھڑی کی مدد سے جوڑ کریں۔




| دہائی | اکائی |
|---|---|
| ۱ | ۲ |
| ۱ | ۵ |
| ۲ | ۷ |

۱۲=۲/ایک ۱/دس

۱۵=۵/ایک ۱/دس

---

۲۷=۷/ایک ۲/دس

۲/دس، ۷/ایک = ۲۷

☆ کویتا اور رمیش ہر روز اپنے باغیچہ سے پھول توڑتے ہیں۔ ایک دن کویتا نے ۳۱ عدد گیندا پھول اور رمیش نے ۲۸ عدد چاندی کے پھول توڑے۔ تو ان دونوں نے مل کر اس روز کتنے پھول توڑے؟

کویتا نے پھول توڑے 

رمیش نے پھول توڑے 

اس کو ہم اس طرح لکھ سکتے ہیں:

کویتا کے توڑے ہوئے پھول = ۳۱

رمیش کے توڑے ہوئے پھول = ۲۸

| دہائی | اکائی | |
|---|---|---|
| ۳ | ۱ | |
| ۲ | ۸ | + |
| ۵ | ۹ | |

کویتا اور رمیش دونوں نے مل کر ۵۹/عدد پھول توڑے تھے۔

☆ ایک ڈالا میں ۲۵/عدد پھول اور دوسری ڈالا میں ۱۷/عدد پھول ہیں۔ تو دونوں ڈالاؤں میں کل کتنے عدد پھول ہیں؟

پہلے ڈالا میں = 

+ دوسرے ڈالا میں = 



کل =



۴۲/عدد پھول

| دہائی | اکائی |
|---|---|
| ۲ | ۵ |
| + ۱ | ۷ |
| ۳ دس | ۱۲<br>یا ۱/دس ۲/ایک |
| ۴/دس | ۲/ایک |

یہاں ۲۵ = ۲/دس اور ۵/ایک

۱۷ = ۱/دس اور ۷/ایک

تصویر دیکھ کر سمجھیے اور جواب لکھیے۔



=



| ۱۸ | = | ۱۳ | + | ۵ |
|---|---|---|---|---|



=



| | = | ۵ | + | ۱۳ |
|---|---|---|---|---|

۱۳ + ۵ = ۵ + ۱۳

۶ + ۳ = ____ ۳ + ۶ = ____

ہم نے جانا:

دو اعداد کی ترتیب بدل کر جوڑنے سے بھی حاصل جمع برابر رہے گا۔




1۔ خالی جگہوں پر حاصل جمع کیجیے۔

(i)
۲۵
+ ۳۴
..................

(ii)
۴۱
+ ۳۴
..................

(iii)
۶۰
+ ۳۴
..................

(iv)
۲۵
+ ۳۰
..................

(v)
۳۹
+ ۵۴
..................

(vi)
۷۷
+ ۱۶
..................

2۔ خالی گھروں کو بھریئے:

(i)
۳۲
+ ۱۵
+ ۲۱
..................

(ii)
۱۱
+ ۱۰
+ ۶۵
..................

(iii)
۲۲
+ ۶
+ ۵۱
..................

(iv)
۳۳
+ ۱۲
+ ۲۴
..................

(v)
۱
+ ۱۳
+ ۶۲
..................

(vi)
۹
+ ۱۵
+ ۲۴
..................

3۔ مثال دیکھ کر خالی گھروں کو بھریئے۔

۶۴ = ۱۶ + ۴۸



۱۹، ۲۵، ۲۹، ۴۳، ۴۴، ۱۸

4۔ بلّی کون سا عدد لکھنے کے بعد مچھلی کو کھا سکتی ہے؟



5۔ نیچے دیے گیے سوال کا جواب جوڑ کر دکھائیے۔




(i) پہلے اور دوسرے ڈبے کے آدمی مل کر کتنے ہوئے؟

(ii) تیسرا اور چوتھا ڈبے کے آدمی مل کر کتنے ہوئے؟

(iii) پانچواں اور چھٹا ڈبے کے آدمی مل کر کتنے ہوئے؟

(iv) پہلے اور چھٹا ڈبے کے آدمی مل کر کتنے ہوئے؟

(v) پہلے اور دوسرے ڈبے کے آدمی مل کر کتنے ہوئے؟

6۔ لکھیے کن دو چھوٹی گاڑیوں کے لوگ کس بڑی گاڑی میں جا سکتے ہیں۔



۲۷ آدمی



تیسری گاڑی



دوسری گاڑی



پہلی گاڑی



۲۶ آدمی



چوتھی گاڑی



۲۸ آدمی



۲۵ آدمی



7۔ دوساتھیوں کی پہچان کرائیے:







8۔ دیے گیے نقشوں سے کسی دو ہندسوں کو لے کر عدد بنائیے۔

| | |
|---|---|
| ۱ | ۲ |
| ۳ | ۴ |

اس میں سے دو عدد لے کر ان کے حاصل جمع معلوم کیجیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | = | | + | |
| | = | | + | |
| | = | | + | |
| | = | | + | |
| | = | | + | |
| | = | | + | |

اسی طرح اور کتنے جوڑ کر سکتے ہیں بتائیے۔

9۔ حصہ "الف" کی کن دو چیزوں کی قیمت حصہ "ب" کی کن دو چیزوں کی قیمت کے ساتھ برابر ہیں۔

## حصہ "الف"



۳۵/روپے+۲۵روپے



۴۸/روپے+۳۳روپے



۶۵/روپے+۲۸روپے



۶۶/روپے+۲۴روپے



۶۹/روپے+۲۶روپے

## حصہ "ب"



۵۸/روپے+۳۷روپے



۵۴/روپے+۲۷روپے



۳۸/روپے+۲۲روپے



۱۷/روپے+۲۲روپے



۵۵/روپے+۳۵روپے

10۔ نیچے ایک تصویر دی گئی ہے۔ راجو اور اس کے ساتھی کھیل رہے ہیں۔ بلّا سے گیند کو نچا رہے ہیں۔ گیند نیچے نہیں گرنی چاہیے۔ ہر کھلاڑی کو دو بار موقع ملے گا۔ پہلے راجو نے کھیلا۔ پہلے اس نے بلّے سے گیند کو ۱۴ بار نچایا۔ اور دوسرے بار ۵ مرتبہ نچانا۔ تو حساب کر کے کہیے راجو کل کتنی بار گیند کو نچایا۔ دوسرے ساتھی بھی اسی طرح کھیلے۔ کس نے کتنی بار گیند کو بلّے سے نچایا نیچے کی تصویر میں دیا گیا ہے۔ تصویر دیکھ کر جواب لکھیے۔




☆ کھیل میں کون جیتا؟ ☐

☆ کون ہارا؟ ☐

11۔ ایک ڈالا میں ۲۵ عدد اور دوسرے ڈالا میں ۱۷ عدد پھول ہیں۔ اس دونوں ڈالاوں میں کتنے عدد پھول ہیں؟



= ———

ایک ڈالا میں پھول ہے = ................عدد

دوسرے ڈالا میں پھول ہے = ................عدد = ———

کل پھول ہوئے = ................عدد ——— ——— ———

= ———



12۔ ایک مکان کی تیاری کے لیے پہلے دن ۲۵ر آدمی دوسرے دن ۲۳ر آدمی اور تیسرے دن ۲۱ر آدمیوں نے کام کیا تھا۔ تو بتائیے کل تین دنوں میں کتنے آدمیوں نے کام کیا تھا؟

جواب:

پہلے دن کام کرنے والے آدمیوں کی تعداد = ☐

دوسرے دن کام کرنے والے آدمیوں کی تعداد = ☐

تیسرے دن کام کرنے والے آدمیوں کی تعداد = ☐

کل تین دنوں میں کام کرنے والے آدمیوں کی تعداد = ☐ + ☐ + ☐ = ☐



13۔ ایک مچھیرے نے پہلے دن ۱۴ / عدد
دوسرے دن ۲۱ / عدد اور تیسرے دن
۲۳ / عدد مچھلیاں پکڑیں۔ کل تین دنوں
میں اس نے کتنے عدد مچھلیاں پکڑیں۔

جواب:

پہلے دن مچھلی پکڑیں = عدد
دوسرے دن مچھلی پکڑیں = عدد
تیسرے دن مچھلی پکڑیں = عدد
تین دنوں میں مچھلیاں پکڑیں = عدد

14۔ ایک تھیلی میں ۲۳ / عدد امرود اور ۲۵ / عدد شریفے ہیں۔ اس تھیلی میں کل کتنے عدد پھل ہیں۔

15۔ ایک ٹراکٹر میں ۳۴ / بستہ سیمنٹ آیا اور ایک ٹراکٹر میں ۲۱ / بستہ سیمنٹ لایا گیا۔ ان ٹراکٹروں میں کل کتنے بستے سیمنٹ لائے گیے۔

16۔ ایک بکسا میں ۲۶ / عدد دوسرے بکسا میں ۲۲ / عدد چوک کھڑی ہے۔ دونوں بکسوں میں کل کتنے عدد چوک کھڑی ہیں؟

17۔ آپ نے کتاب دکان سے ایک کتاب اور ایک قلم خریدا۔ دکاندار نے کتاب کے ۲۷ / روپے اور قلم کے ۱۲ / روپے لیا تو بتایئے آپ نے دکاندار کو کتنے روپے دیا۔

18۔ ایک میدان میں ۱۰ / گایے، ۱۲ / بیل اور ۶ / بچھڑے مل کر کل کتنی تعداد تھے؟

19۔ مثال دیکھ کر خالی جگہوں کو بھریے:




20۔ چھپکلی ایک سوراخ سے دوسرے سوراخ کو جاتی ہے۔ ہر سوراخ میں کیڑے مکوڑے چھپے رہتے ہیں۔ کس سوراخ میں کتنے کیڑے ہیں اعداد میں دکھائے گیے ہیں۔ اب آپ تصویر دیکھیے اور لکھیے۔



(i) کس راستہ سے جایے گی تو ۱۶ رکیڑے مکوڑے کھاسکتی ہے؟

۱۶ = ......... + .......... + ........

(ii) کس راستہ سے جایے گی تو ۱۸ رکیڑے مکوڑے کھاسکتی ہے؟

۱۸ = ......... + .......... + ........

(iii) کس راستہ سے جایے گی تو ۲۲ رکیڑے مکوڑے کھاسکتی ہے؟

۲۲ = ......... + .......... + ........

21۔ مثال کی طرح خالی جگہوں کو بھریئے:

۵۰ ۳۵ ۲۰ ۱۵ ۱۰ ۵



22۔ مثال کی طرح خالی جگہوں کو بھریئے:

۱۰۰ ۱۰ ۲۰



23۔ نیچے دی گئی تصویر بائیں سے دائیں اور دائیں سے بائیں کو جوڑ کر نیچے سے اوپر کو یا اوپر سے نیچے کو اور کونے سے کونے جوڑ کر حاصل جوڑ لکھیے۔



| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |



24۔ دل ہی دل میں حساب کر کے کہیں اور بائیں طرف خالی گھروں میں جواب لکھیے۔

(i) آپ کے پاس ۱۱/عدد کاپیاں تھیں۔ تمہارے ابا اور ۵/عدد کاپی لائے۔ تو بتائیے تمہارے پاس کل کتنی کاپیاں ہوئیں؟

(ii) روزی کے پاس ۱۴/عدد لال پنسل اور ۱۲ عدد کالی پنسل تھی۔ تو بتائیے اس کے پاس کتنے عدد پنسل تھی؟

(iii) ایک باغ میں ۲۲/عدد آم کے درخت اور ۱۷/عدد ناریل کے درخت تھے۔ تو بتائیے اس باغ میں کل کتنے عدد درخت تھے؟

(iv) ایک الماری میں ۱۲/عدد لال ساڑی، ۱۱/عدد کالی ساڑی اور ۴/عدد سفید رنگ کی ساڑی ہے تو بتائیے اس الماری میں کتنے عدد ساڑیاں ہیں؟

(v) ایک بس میں ۲۱/ مرد ۱۳/عورتیں اور ۱۲/ بچے تھے۔ تو بتائیے اس بس میں کل کتنے لوگ تھے ؟

(vi) منا کی عمر ۲۴/سال۔ لونا اس سے ۵/سال بڑی ہے۔ تو بتائیے لونا کی عمر کیا ہے؟

(vii) ایک کلاس میں لڑکے ۱۷/ اور لڑکیاں ۱۵/ ہیں تو اس کلاس میں بچوں کی کل تعداد کتنی ہے؟

سبق: 8

# تفریق (گھٹاؤ) کریں گے



کوّا پانی پینے کی امید میں ایک ایک کنکری لے کر گھڑے میں ڈال رہا تھا۔ اسی دوران اس کی نظر ایک تھیلی پر پڑی۔ اس نے سوچا، ایک ایک کنکری لے کر گھڑے میں ڈالنے سے دیر ہوگی۔ تھیلی میں زیادہ کنکریاں لے کر ڈالنے سے پانی جلد اوپر اٹھ آئے گا۔ اس نے بلا تاخیر جلدی جلدی ایک ہی بار میں ۱۷ عدد کنکری لے کر گھڑے کے منہ میں انڈیل دیا۔ تھیلی کی ساری کنکریاں گھڑے میں نہ گریں اور ۵ کنکریاں باہر گر گئیں۔ اس سے کوّے کو بہت دکھ ہوا۔



کتنی کنکری گھڑے کے اندر گری؟ اس نے ذرا سوچا۔ الّو یہ سب دیکھ رہا تھا۔

اس نے سوچا بیوقوف کوّا گھٹاو کر کے ہی معلوم کر سکے گا۔

اب آپ کہیے:

☆ کوّا تھیلی میں کتنی کنکریاں لایا تھا؟

☆ کتنی کنکری گھڑے کے باہر گری؟

☆ کتنی کنکری گھڑے کے اندر گری؟

استاد کے لیے ہدایت: مذاکرہ کرتے وقت یہی سوالات پوچھیں اور حقیقی کنکری لا کر تفریق کس طرح کیا جاتا ہے بتائیں اور طلبہ کو خوب سمجھائیں۔

آئیے دیکھیں گے گھڑے کے اندر کس طرح کنکری گری تھی۔ ان کی تعداد کیا تھی معلوم کیا جائے گا۔



تھیلی میں کنکری تھی ۱۷/عدد = ۱/دس ۷/ایک

گھڑے سے باہر گری ہوئی کنکری ۵/عدد = ۵ ایک

پہلا قدم: (اکائی کے گھر کے ہندسوں کا گھٹاو)

۱۷/ کا اکائی پر ۷/ کا ہندسہ ہے۔

گھٹائے جانے والے عدد کی اکائی کے گھر میں ۵ کا ہندسہ ہے۔

اس لیے ۷/ایک سے ۵/ایک جانے سے ۲/ایک بچا۔

| اکائی | دہائی |
| --- | --- |
| ۷ | ۱ |
| ۵ | − |
| ۲ | |

دوسرا قدم: (دہائی کے گھر کے ہندسوں کا گھٹاو)

اسی طرح ۱۷/ کی دہائی کے گھر میں ۱/ کا ہندسہ ہے۔

۵/ کی دہائی کے گھر میں کچھ نہیں ہے۔

اس لیے ۱۷/ کی دہائی کے گھر کے ہندسے میں سے کچھ گھٹایا نہیں گیا۔

دہائی کے گھر کا حاصل تفریق ہوا ۱/

آخیر میں حاصل تفریق ملا =۱/دس ۲/ایک یا ۱۲/

| اکائی | دہائی |
| --- | --- |
| ۷ | ۱ |
| ۵ | − |
| ۲ | ۱ |

☆تمہاری امی نے اپنی باڑی کے درخت سے کچھ آم توڑ کر رکھے تھے۔ ایک دن انھوں نے دیکھا کہ اس میں سے ۱۵/عدد آم سڑ گیے ہیں۔تو بتایئے کتنے آم اچھے ہیں؟



| | | | |
|---|---|---|---|
| امی کے رکھے ہوئے آموں کی تعداد = ☐ = | ☐ دس | ☐ ایک | |
| سڑ کر نقصان ہوئے آموں کی تعداد = ☐ = | ☐ دس | ☐ ایک | |
| اچھے آموں کی تعداد = ☐ = | ☐ دس | ☐ ایک | |

ہمیں معلوم ہوا کہ تفریق کرتے وقت پہلے اکائی کے گھر کے ہندسوں کی تفریق کی جاتی ہے۔اس کے بعد دہائی کے گھر والے ہندسوں کی تفریق کرتے ہیں۔

استاد کے لیے ہدایت: اسی طرح زیادہ سے زیادہ مثال دے کر طلبہ کو عملی تفریق کی عادت ڈالیں گے۔ زیادہ مشق کرنے کے بعد دل ہی دل میں گھٹاؤ کرنے کی قابلیت بڑھے گی۔



ایک بوڑھی خالہ ۳۲/عدد کیلے ٹوکری میں لے کر بازار سے واپس ہو رہی تھی۔گرمی سے اس کو تھکان لگنے پر وہ درخت کے نیچے ٹوکری رکھ کر آرام کرنے لگی۔ بیٹھتے ہی اسے نیند آ گئی۔اسی دوران ایک بندر نے آ کر ٹوکری سے کیلے کھانا چاہا۔آہٹ سے بوڑھی نیند سے جاگ گئی۔

یہ دیکھ کر بندر نے ۱۵/عدد کیلوں کا ایک گچھا لے کر درخت پر چھلانگ لگا دیا۔اب آپ کہیے بوڑھی خالہ کتنے عدد کیلے لے کر گھر واپس ہوئی ہوگی؟



ٹوکری میں رکھے کیلوں کی تعداد = ۳۲

بندر لے گیے کیلوں کی تعداد = ۱۵

۳۲/کی اکائی کی جگہ کا ہندسہ کتنا؟

۱۵/کی اکائی کے گھر کا ہندسہ کتنا؟

۲/ایک سے ۵/ایک کا گھٹاؤ نہیں ہوگا تو کیا کرنا ہوگا؟

دہائی کے گھر سے ۱/دس ادھار لیں گے اور اکائی کے گھر کے ہندسہ میں ملائیں گے۔

۱/دس اور ۲/ایک =۱۰/ایک اور ۲/ایک =.........ایک

اب ۱۲/ایک سے ۵/ایک گھٹانے سے = ۵/ایک-۱۲/ایک =.......ایک

۳۲/کی دہائی کے گھر موجود ۳/سے ۱/دہائی کو پہلے سے اکائی کے گھر پر لیا گیا ہے۔

اس لیے وہاں باقی بچا ۲/دس۔۲/دس سے ۱/دس گھٹانے سے ۱/دس-۲/دس =.......دس

اس کو کس طرح لکھیں گے:

| دہائی | اکائی |
|---|---|
| ۲ | ۱۲ |
| ۳ | ۲ |
| - ۱ | ۵ |
| = ۱ | ۷ |
| = ۱۷ | |

| دہائی | اکائی |
|---|---|
| ۲ | ۱۰ |
| ۳ | ۲ |
| - ۱ | ۵ |
| | |

| دہائی | اکائی |
|---|---|
| ۳ | ۲ |
| - ۱ | ۵ |
| | |



مثال : عائشہ تمہاری طرح دوسرے درجہ (کلاس) میں پڑھتی ہے۔ایک بار اس کے ابّو نے اس سے پوچھا تمہارے درجہ میں کتنے لڑکے ہیں؟ اس درجہ میں کل ۴۵ / بچوں میں سے ۳۲ / لڑکیاں ہیں۔

حل: درجہ میں کل بچوں کی تعداد = ☐ بچے = ☐ ایک ☐ دس

لڑکیوں کی تعداد ☐ بچے = ☐ ایک ☐ دس

لڑکوں کی تعداد ☐ بچے = ☐ ایک ☐ دس

اس درجہ میں لڑکیوں کی تعداد.........ہے۔

## عملی مشق

1۔(i) ۱۴ − ۲ ............... (ii) ۱۷ − ۴ ............... (iii) ۲۶ − ۵ ...............

(iv) ۳۸ − ۶ ............... (v) ۵۴ − ۴ ............... (vi) ۸۹ − ۷ ...............

2۔(i) ۱۴ − ۱۲ ............... (ii) ۱۹ − ۱۳ ............... (iii) ۲۷ − ۱۷ ...............

3۔ تفریق کرکے جواب لکھیے۔

| (iii) | (ii) | (i) |
|---|---|---|
| ۲۷ | ۱۶ | ۱۱ |
| − ۱۹ | − ۹ | − ۷ |
| ............... | ............... | ............... |

| (vi) | (v) | (iv) |
|---|---|---|
| ۷۲ | ۵۰ | ۳۵ |
| − ۳۳ | − ۱۵ | − ۱۸ |
| ............... | ............... | ............... |

4۔ خالی جگہوں کو بھریئے:

(i) ۲۰،۱۸،۱۶،۱۴،۱۲،.......،.........

(ii) ۲۴،۲۱،۱۸،۱۵،۱۲،.......،.........

(iii) ۴۵،۴۰،۳۵،.......،.........،..........

(iv) ۸۰،۷۰،۶۰،.......،.........،..........

5۔ قلم کے ساتھ کیپ کو ملایئے۔

| حصہ ''الف'' | حصہ ''ب'' |
|---|---|
| ۴۱ | ۴۹ − ۲ |
| ۸۰ | ۵۷ − ۵ |
| ۳۲ | ۸۹ − ۹ |
| ۴۷ | ۶۳ − ۳۱ |
| ۴۲ | ۸۴ − ۴۲ |
| ۵۲ | ۷۷ − ۳۶ |

4۔ کس بلّا کی کون سی گیند:




5۔ ایک دن کرکٹ کھیل میں ہرن، خرگوش زراف، گیدڑ اور بندر کھیلتے تھے۔
دو اننگس میں کیا گیا ہر ایک کی رن کو کارڈ میں لکھا گیا تھا۔ بندر کھیل ہار گیا۔
وہ بہت غصہ ہو گیا۔ غصہ سے کچھ جگہ رگڑ کر مٹا دیا۔ آؤ وہاں کیا لکھا تھا لکھ دیں۔



8۔دکھائے گیے نقشہ کی طرح خالی گھروں کو بھریئے۔

| − | ۷۴ | ۶۷ | ۴۰ | ۳۲ | ۷۷ | ۴۱ | ۵۸ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷ | ۶۷ | | | | | | ۵۱ |
| ۶ | | | | | | ۳۵ | |
| ۸ | | | | | | | |
| ۹ | | | | | | | |
| ۵ | | | | | | | |
| ۳ | | | | | | | |
| ۴ | | | | | | | |

9۔کس کی ٹوپی کون سی،لکیر کھینچ کر دکھایئے۔



۳۲ − ۱۴

۴۳ − ۲۸

۵۷ − ۱۹

۶۵ − ۳۷

۸۷ − ۲۹



10۔ کسی دو گھروں کے ہندسوں کو لے کر دو ہندسے کا عدد بنائیے۔
سب سے بڑے عدد سے سب سے چھوٹے عدد کو گھٹائیے۔

| | |
|---|---|
| ۲ | ۳ |
| ۵ | ۶ |

11۔ ایک درخت میں ۴۵/عدد ناریل تھے۔ ۸/عدد ناریل گر گیے۔
اس درخت میں اور کتنے ناریل لگے رہے۔



حل: درخت میں ناریل تھے = ☐ عدد
گر گیے = ☐ عدد

درخت میں ناریل رہے = ☐ عدد

12۔ ایک درجہ (کلاس) میں ۴۲/بچے پڑھتے ہیں۔
بارش ہونے کی وجہ سے ۲۹/بچے آیے تھے۔
اس دن کتنے بچے اسکول نہیں آیے تھے۔



حل: درجہ میں بچوں کی تعداد = ☐ عدد
آنے والے بچوں کی تعداد = ☐ عدد
نہ آنے والے بچوں کی تعداد = ☐ − ☐ = ☐
اس دن ☐ بچے اسکول نہیں آیے تھے۔

13۔ دل ہی دل میں حساب کر کے جواب کہیے اور بعد میں بائیں طرف لکھیے۔

(i) رانی کے پاس ۱۵/عدد بیر تھے۔ محسن اس میں سے ۴/عدد بیر کھا گیا۔
رانی کے پاس اور کتنے بیر رہے۔ ______

(ii) تلسی کی عمر ۳۴/سال اور مادھوری کی عمر ۳۹/سال ہے۔ ______
مادھوری تلسی سے کتنے سال کی بڑی ہے؟

(iii) امی نے ۱۴/روٹیاں بنائیں تھیں۔آپ نے اس میں سے ۶/روٹیاں کھالیں۔
اور کتنی روٹیاں بچیں ؟ ________

(iv) ایک مچھیرے کے پاس ۴۲/عدد مچھلیاں تھیں اس میں سے کچھ مچھلیاں بک گئیں۔
اور آخر میں ۲۵/مچھلیاں بچ گئیں۔تو بتائیے کتنی عدد مچھلیاں فروخت ہوئیں ؟ ________

(v) ایک بیلون والے کے پاس ۳۳/عدد بیلون تھے۔اس میں سے ۷/عدد بیلون پھٹ گیے۔
اور کتنے عدد بیلون سالم رہے؟ ________

(vi) دیوالی کے دن تمہارے گھر کے صحن میں ۴۷/عدد موم بتیاں چل رہی تھیں۔آخر میں دیکھا گیا
۲۵/عدد موم بتیاں جل رہی ہیں۔تو کتنی عدد موم بتیاں بجھ گئی تھیں؟ ________

(vii) ایک انڈے والے کے پاس ۲۰/عدد انڈے تھے۔اس میں سے ۱۰/عدد انڈے بک گیے۔
تو کتنے انڈے اور بچے؟ ________

14۔ جوڑ یا گھٹاؤ میں سے کون سا کام کرنا پڑے گا لکھیے۔

(i) ایک بس میں کچھ مسافر تھے۔اس میں سے کچھ عورتیں تھیں تو بتائیے کتنے مرد تھے؟ ________

(ii) سروج کے پاس کچھ کتابیں تھیں اور مدن کے پاس اس سے کچھ زیادہ کتابیں تھیں
تو مدن کے پاس کتنی کتابیں تھیں؟ ________

(iii) روپا کے پاس کچھ چاکلیٹ تھے۔اس میں سے اس کے بھائی نے کچھ کھالیا۔
تو بتائیے اس کے پاس اور کتنا بچا؟ ________

(iv) کتب خانہ میں کچھ کہانی کی کتاب تھی۔پھر اور کچھ کتاب خرید کر لائی گئی۔
تو وہاں کل کتنے عدد کتابیں ہوئیں؟ ________

استاد کے لیے ہدایت: زبانی سوالوں کا جواب دیتے وقت بچے کاپی اور پنسل کی مدد نہیں لیں گے۔
جواب معلوم کرنے کے لیے بچے کون سا طریقہ اپنا یے اسے وہ خود سمجھا سکتے ہوں گے۔





# صفر جوڑیں گے اور گھٹائیں گے



ساجد اور سلمٰی نے مٹی گوندھ کر گولی تیار کیا۔ ہر مٹی کی گولی کے بیچ میں کاٹھی سے ایک سوراخ کر دیا مٹی کی گولیوں کو دھوپ میں سکھا دیا۔ اس میں مختلف رنگ بھر دینے کی وجہ سے وہ سب خوبصورت لگنے لگی۔

4YQTL9

ساجد نے مٹی کی بنائی ہوئی گولیوں کی ایک مالا  بنایا۔ سلمٰی نے کہا مٹی کی گولیوں کو لے کر ہم لوگ ایک کھیل کھیلیں گے۔ اس نے تھرموکول اور ناریل کی کاٹھی لے کر ایک اواکس تیار کیا۔




ساجد اور سلمٰی نے آواکس اور مٹی کی گولیوں کو لے کر اعداد کا کھیل شروع کیا۔ سلمٰی نے ایک عدد لکھ کر دکھائی۔ ساجد نے اس کو آواکس میں دکھایا۔







- کس عدد کے کارڈ کے ساتھ کون سا آوا کس مل رہا ہے ملائیے۔






- ساجد اور سلمٰی اب ایک نیا کھیل کھیلنے لگے۔

ان دونوں نے اپنی بنائی ہوئی مٹی کی گولیوں میں دو طرح کے رنگ بھر دیے۔

ساجد نے کہا۔''اب میری باری ہے۔''

میں اعداد کا کارڈ دکھاؤں گا۔ سلمٰی راضی ہوگئی۔









جوڑ کس طرح کیا جایے گا۔ دونوں فکر میں پڑ گیے۔ رانی اس راستہ سے جا رہی تھی۔

اس نے سلمیٰ سے کہا۔ صفر (۰) کے معنی کچھ نہیں۔ ۳۵ میں "۰" کو ملانے کا مطلب ۳۵ میں کچھ ملایا نہیں جایے گا۔

خالی گھر میں جواب لکھیے:

۳۵ + ۰ = ___

- نیچے دیے گیے دو اعداد کس طرح جوڑا جایے گا آو اس میں کھایئے۔ آو اس کے نیچے خالی گھروں میں حاصل جمع کتنا ہوگا لکھیے۔




ہم نے کیا سیکھا:

کسی بھی عدد میں "۰" جوڑنے سے حاصل جمع وہی ہوتا ہے۔

## کرکٹ کھیل کا مزہ:

بڑے دن کے لیے اسکول کی چھٹی تھی۔ بچے کرکٹ کھیلنے کے لیے نکلے۔ لگاتار دو دن میچ ہوئی۔
چنکی، بلّو، جارج، میکی، سینی، للّی اور ببلو وغیرہ کے ہاتھوں میں بلّا اور گیند تھے۔ دو دن میچ ہوئی۔
کس نے کتنی رن بنائی اس کا حساب کیجیے۔



آپ حساب کر کے کہیے، دونوں میچ میں کل کتنی رن کس کس نے بنائیے؟

- کس نے سب سے زیادہ رن بنائیے؟ ..............................
- کس نے سب سے کم رن بنائیے؟ ..............................

## لڈو کھیل:

سلمٰی اور ساجد نے لڈو کھیل شروع کیا۔ ایک ڈائس لے کر اس کے چھے جانب ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۰ لکھ دیا۔













| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰۰ | ۹۹ | ۹۸ | ۹۷ | ۹۶ | ۹۵ | ۹۴ | ۹۳ | ۹۲ | ۹۱ |
| ۸۱ | ۸۲ | ۸۳ | ۸۴ | ۸۵ | ۸۶ | ۸۷ | ۸۸ | ۸۹ | ۹۰ |
| ۸۰ | ۷۹ | ۷۸ | ۷۷ | ۷۶ | ۷۵ | ۷۴ | ۷۳ | ۷۲ | ۷۱ |
| ۶۱ | ۶۲ | ۶۳ | ۶۴ | ۶۵ | ۶۶ | ۶۷ | ۶۸ | ۶۹ | ۷۰ |
| ۶۰ | ۵۹ | ۵۸ | ۵۷ | ۵۶ | ۵۵ | ۵۴ | ۵۳ | ۵۲ | ۵۱ |
| ۴۱ | ۴۲ | ۴۳ | ۴۴ | ۴۵ | ۴۶ | ۴۷ | ۴۸ | ۴۹ | ۵۰ |
| ۴۰ | ۳۹ | ۳۸ | ۳۷ | ۳۶ | ۳۵ | ۳۴ | ۳۳ | ۳۲ | ۳۱ |
| ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ |
| ۲۰ | ۱۹ | ۱۸ | ۱۷ | ۱۶ | ۱۵ | ۱۴ | ۱۳ | ۱۲ | ۱۱ |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |

- دونوں کا مہرہ ۱۰۰ کے اوپر ہے۔
- ڈائس میں گوٹ کا جو عدد گرے گا مہرہ اتنے ہی پیچھے جایے گا۔
- جو پہلے ''۱'' ایک پر جا پہنچے گا وہی کامیاب ہوگا۔



آپ اسی کھیل کو اپنے دوست کے ساتھ کھیلیے۔

ہر بار ڈائس یا گوٹ کا کون سا عدد گرا اور آپ کس عدد پر پہنچے، نیچے لکھیے۔

کہیے ڈائس میں گوٹ کا صفر گرے تو مہرہ کس لیے پیچھے نہیں آتا۔

● نیچے دی گئی مثال کو دیکھیے اور کہیے۔ کس کے لیے جوڑ اور کس کے لیے گھٹاؤ کا عمل استعمال کیا جائے گا۔



غور کیجیے۔ پہلی تھالی میں ۴ عدد لڈو ہیں۔ دوسری تھالی میں ۳ / عدد لڈو ہیں۔ دونوں تھالیوں میں کل کتنے عدد لڈو ہیں۔

دونوں تھالی میں کل ۳ + ۴ = ۷ عدد لڈو ہیں۔

پہلی تھالی میں دوسری تھالی سے کتنا زیادہ لڈو ہے؟

۴ − ۳ = ☐ عدد لڈو

● نیچے دیے گیے جوڑ اور گھٹاؤ کے عمل کو لے کر ایک حقیقی واقعہ کی مثال دیجیے۔

| ۴ + ۲ = ۶ | ۵ − ۳ = ۲ | ۵ − ۵ = ۰ |
|---|---|---|

● نیچے دی گئی تصویر کو دیکھیے ۔اسی تصویر کو دھیان میں رکھ کر جوڑ اور گھٹاؤ کی بات دی گئی کہانی میں پڑھیے ۔



ایک ٹوپی بیچنے والا تھک ہار کر درخت کے نیچے بیٹھ گیا۔اس کو نیند آ گی ۔درخت پر بیٹھے بندروں نے ٹوپی بیچنے والے کی تھیلی کھول کر ٹوپیاں نکال لیں ۔بندروں کے پاس ۱۴/عدد ٹوپیاں ہیں ۔درخت کی جڑ کے پاس ۶/عدد ٹوپیاں پڑی ہیں ۔ٹوپی بیچنے والے کی آنکھ کھل گئی ۔تو دیکھا کہ بندر کچھ ٹوپیاں لے گیے ہیں ۔اس کے بعد.........

آپ اس کہانی کو اور آگے بڑھائیے ۔

اسی کہانی سے ہم لوگ جوڑ اور گھٹاؤ کے بارے میں نیچے کی باتوں کو کہہ سکتے ہیں ۔

● تھیلی میں کل ۲۰/عدد ٹوپیاں تھیں ۔بندر ۱۴ عدد ٹوپیاں لے گیے ۔دوسری ٹوپیوں کو بندروں نے باہر پھینک دیا۔کتنی ٹوپیاں بندروں نے باہر پھینک دیں؟
● بندروں کی لی گئی ٹوپیوں کی تعداد پھینکی ہوئی ٹوپیوں کی تعداد سے کتنی زیادہ ہیں؟
● بندروں کے پاس ۱۴/عدد ٹوپیاں ہیں ۔نیچے ۶/عدد ٹوپیاں پڑی ہیں ۔کل کتنی ٹوپیاں تھیں ۔

تصویر کو دیکھ کر اوپر دیے گیے سوالوں کے جواب لکھیے ۔

● اب نیچے دی گئی تصویر کو دیکھیے۔ تصویر پر غور کرتے ہوئے ایک کہانی سوچیے۔
تمہاری سوچی ہوئی کہانی کو کلاس میں کہیے۔



غور کیجیے، منٹو کے پاس تین عدد دس روپے کے نوٹ ہیں۔



۱۰/روپے + ۱۰/روپے + ۱۰/روپے = ۳۰/روپے

- مٹھو کے پاس کتنے روپے ہیں؟ حساب کر کے لکھیے۔ ________
- کس کے پاس زیادہ روپے ہیں؟ ________
- منٹو کے پاس مٹھو سے کتنے روپے زیادہ ہیں؟ ________
- دونوں کے پاس کل کتنے روپے ہیں؟ ________



## عملی مشق

1۔ نیچے لکھیے ہوئے اعداد کو آواکس میں دائرہ بنا کر دکھائیے۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵ | ۳۰ | ۷ | ۴۴ |

2۔خالی گھروں میں جواب لکھیے۔

(I)  +  = ☐ روپے

(II)  +  = ☐ روپے

(III)  +  = ☐ روپے

3۔ کس سوال کے لیے کون سا جواب صحیح ہے تیر کے نشان سے بتائیے۔

| | |
|---|---|
| حامد کے پاس ۵؍عدد چاکلیٹ ہے۔صوفیہ کے پاس اس سے ۳؍عدد زیادہ چاکلیٹ ہیں۔تو صوفیہ کے پاس کتنے عدد چاکلیٹ ہیں۔ | ۵−۳=۲ |
| حامد کے پاس ۵؍عدد چاکلیٹ ہیں۔صوفیہ کے پاس ۳؍عدد چاکلیٹ ہیں۔تو حامد کے پاس کتنے عدد چاکلیٹ زیادہ ہیں۔ | ۸−۳=۵ |
| فوزیہ کے پاس ۸؍عدد چاکلیٹ ہیں۔نازیہ کے پاس ۳؍عدد چاکلیٹ ہیں۔تو نازیہ کے پاس فوزیہ سے کتنے عدد چاکلیٹ کم ہیں۔ | ۸−۳=۵ |
| مہیش کے پاس ۵؍عدد چاکلیٹ ہیں۔سعدیہ کے پاس ۸؍عدد چاکلیٹ ہیں۔تو مہیش کو اور کتنے عدد چاکلیٹ ملنے سے سعدیہ کیساتھ برابر ہوگا؟ | ۵+۳=۸ |

4۔ نیچے چیزوں کی قیمت دی گئی ہے۔اس کو دیکھ کر نیچے کے سوالوں کے جواب دیجیے۔



۲۵ روپے



۳۰ روپے



۱۰ روپے



۴۰ روپے

(i) قلم اور رنگ کی ڈبیا خریدنے سے کتنے روپے دینے ہوں گے ؟ ____________

(ii) چپل اور کہانی کی کتاب خرید نے کے لیے کتنے روپے کی ضرورت ہوگی؟ ____________

(iii) تمہارے پاس ۴۰ رروپے ہے آپ کون سے دو سامان خرید سکتے ہیں؟ ____________

(iv) آپ نے رنگ کی ڈبیا خرید کر دکاندار کو ۵۰ روپے کا نوٹ دیا۔
دکان دار آپ کو کتنے روپے واپس کرے گا؟ ____________





سبق:10

# جوڑنے کے بجائے ضرب کریں گے




گاندھی جینتی کے موقع پر اسکول میں جلسے کا اہتمام کیا گیا۔ خوب صورت طریقے سے سجا کر گاندھی جی کی تصویر پر پھول کا ہار ڈالا گیا تھا۔

اوپر کی تصویر دیکھ کر لکھیے۔

مہاتما گاندھی کو دیے گیے ہار میں پھولوں کی تعداد = ____________

پہلے گلدان میں کتنے پھول ہیں؟ ____________

دوسرے گلدان میں کتنے پھول ہیں؟ ____________

یہاں ۹ رعدد پھولوں میں ایک ہار اور سات عدد پھولوں میں ایک گلدان سجایا گیا ہے۔

ایک ہی طرح کی ایک سے زائد چیزوں کو لے کر ایک ایک دل بنایا جاتا ہے۔

● دل میں دی گئی تصویروں کو گنیے اور جس دل میں تصویر کی تعداد برابر ہے اس کو لکیر کھینچ کر بتائیے۔



● ہیڈ ماسٹر صاحب نے باغیچہ میں جا کر طلبہ سے کہا کہ جس درجہ یا کلاس کے بچوں کے پھول کے پودوں کی تعداد زیادہ ہوگی، ان بچوں کو سالانہ جلسہ میں انعام دیا جایے گا۔ دیکھیے کس طرح ہر کلاس کے بچوں نے باغیچہ میں جا کر پودوں کا شمار کیا۔



ہر قطار میں پودوں کی تعداد=۳ ہے

قطاروں کی تعداد=۴ ہے

تین کو چار مرتبہ جوڑنے سے ۳+۳+۳+۳ کتنا ہوگا؟

۳+۳+۳+۳=

۶+۳+۳=

۹+۳=۱۲

تو بتایئے پھول کے پودوں کی تعداد کتنی ہوئی؟ ........................



- خالی جگہوں کو بھریئے۔

ہر قطار میں پودوں کی تعداد = ۴ ہے

قطاروں کی تعداد = ۴ ہے

کل پودوں کی تعداد = ۴ + ۴ + ۴ + ۴ = ________ ہے۔

کل پودوں کی تعداد = ________ ہے۔



ہر قطار میں سورج مکھی پھولوں کی تعداد = ________

قطاروں کی تعداد = ________

کل پھولوں کی تعداد = ☐ + ☐ + ☐ = ☐

استاد کے لیے ہدایت: ایک ہی عدد کو بار بار جوڑنے کے لیے استاد زیادہ موقع فراہم کریں گے۔
ممکنہ طور پر مختلف چیزیں جیسے (کنکری، پھل، بیج، کاٹھی وغیرہ) لے کر یہ عمل کیا جا سکتا ہے



یوم آزادی کی پیریڈ ختم ہوئی۔ ہیڈ ماسٹر صاحب نے اپنی تقریر کے بعد ہر کلاس کے منیٹروں کو اپنے اپنے درجے کے بچوں کی تعداد کا شمار کرنے کی ہدایت دی۔ بچوں کی تعداد دیکھ کر مٹھائیاں تقسیم کی جائیں گی۔

کس نے کس طرح بچوں کی تعداد کا حساب کیا دیکھیے۔



درجہ اول کے مٹیٹر نے حساب کیا:

ہر قطار کے بچوں کی تعداد=۳ر

قطاروں کی تعداد=۳ر

بچوں کی تعداد=۳+۳+۳=۹ بچے

مٹیٹر نے کہا ہم سب مل کر ۹ ہیں۔



درجہ دوم کے مٹیٹر نے حساب کیا:

ہر قطار کے بچوں کی تعداد= ۵ر

قطاروں کی تعداد=۳ر

کل بچوں کی تعداد= ۵+۵+۵= ۱۵ بچے

۳ر عدد ۵ر کا حاصل جمع (حاصل جوڑ) جتنا ۵ر کا ۳ر گنا اتنا ہی ہے۔

اس لیے ۳ر کا ۵ر گنا = ۱۵ر



تیسرے درجے کے مٹیٹر نے حساب کیا:

ہر قطار کے بچوں کی تعداد=۶ر

قطاروں کی تعداد=۳ر

بچوں کی تعداد=۶+۶+۶=۱۸ر بچے

تیسرے درجے کے کل بچوں کی تعداد=۶ر کا ۳ر گنا ۱۸ر

ہم نے جانا:

| | | |
|---|---|---|
| ۳+۳+۳= | ۳ کا ۳ گنا= | ۳×۳ = ۹ |
| ۵+۵+۵= | ۵ کا ۳ گنا= | ۵×۳ = ۱۵ |
| ۶+۶+۶= | ۶ کا ۳ گنا= | ۶×۳ = ۱۸ |

- اب آپ کہیے اور لکھیے :

۲+۲+۲=۲×[ ]=[ ]

۴+۴+۴+۴+۴=۴×[ ]=[ ]

۵+۵+۵+۵=۵×[ ]=[ ]

۱۰+۱۰+۱۰+۱۰+۱۰+۱۰+۱۰=۱۰×[ ]=[ ]

| | | |
|---|---|---|
|  | ۲ کا ۱ بار = ۲ | ۲×۱=۲ |
|  | ۲ عدد ۲<br>۲+۲=۴ | ۲×۲=۴ |
|  | ۳ عدد ۲ کا جوڑ<br>۲+۲+۲=۶ | ۲×۳=[ ] |
|  | ۴ عدد ۲ کا جوڑ<br>۲+۲+۲+۲=۸ | ۲×۴=[ ] |
|  | ۵ عدد ۲ کا جوڑ | ۲×۵=[ ] |
|  | ۶ عدد ۲ کا جوڑ | ۲×۶=[ ] |
|  | ۷ عدد ۲ کا جوڑ | ۲×۷=[ ] |
|  | ۸ عدد ۲ کا جوڑ | ۲×۸=[ ] |
|  | ۹ عدد ۲ کا جوڑ | ۲×۹=[ ] |
|  | ۱۰ عدد ۲ کا جوڑ | ۲×۱۰=[ ] |

## ۲ کا پہاڑہ

| | | |
|---|---|---|
| ۲<br>۲ کا ۱ گنا ۲ | ۲<br>۱<br>۲ | دو یکم دو |
| ۲+۲=۴<br>۲ کا ۲ گنا ۴ | ۴<br>۲<br>۲ | دو دونا چار |
| ۲+۲+۲=۶<br>۲ کا ۳ گنا ۶ | ۶<br>۳<br>۲ | دو تیا چھے |
| ۲+۲+۲+۲=۸<br>۲ کا ۴ گنا ۸ | ۸<br>۴<br>۲ | دو چوکے آٹھ |
| ۲+۲+۲+۲+۲=۱۰<br>۲ کا ۵ گنا ۱۰ | ۱۰<br>۵<br>۲ | دو پنجے دس |
| ۲+۲+۲+۲+۲+۲=۱۲<br>۲ کا ۶ گنا ۱۲ | ۱۲<br>۶<br>۲ | دو چھکے بارہ |
| ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲=۱۴<br>۲ کا ۷ گنا ۱۴ | ۱۴<br>۷<br>۲ | دو ستے چودہ |
| ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲=۱۶<br>۲ کا ۸ گنا ۱۶ | ۱۶<br>۸<br>۲ | دو اٹھے سولہ |
| ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲=۱۸<br>۲ کا ۹ گنا ۱۸ | ۱۸<br>۹<br>۲ | دو نو اٹھارہ |
| ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲=۲۰<br>۲ کا ۱۰ گنا ۲۰ | ۲۰<br>۱۰<br>۲ | دو دہائی بیس |

اس کو اس طرح لکھیں گے:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲ | ۴ | ۶ | ۸ | ۱۰ | ۱۲ | ۱۴ | ۱۶ | ۱۸ | ۲۰ |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ |

اسی طرح ۳ کے پہاڑہ کا ٹیبل بنائیے:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳ | ۶ | ۹ | | | | | | | |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | | | | | |
| ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | | | | |

استاد کے لیے ہدایت: دو کنکری کو دس بار لے کر دو پہاڑہ کا ٹیبل کس طرح نکلے گا اس کا بچے مشق کریں گے۔ اسی طرح کی چیزوں کو لے کر ۳، ۴، ۵، ۱۰، کے پہاڑہ کا ٹیبل نکالا جایے گا۔ کیوں کہ پہاڑہ رٹ کر یاد کرنے کی حوصلہ افزائی نہیں کی جایے گی۔




1۔ خالی گھروں کو پر کیجیے۔

(i)



ایک گچھا میں چابیوں کی تعداد= ________

گچھوں کے تعداد= ________

کل چابیوں کی تعداد = ____ × ____ × ____

(ii)



ایک کتے کی پیروں کی تعداد= ________

کتوں کی تعداد= ________

۶ کتوں کے کل پیروں کی تعداد= ____ × ____ = ____

(iii)



ایک ہاتھ کی انگلیوں کی تعداد= ________

ہاتھوں کی تعداد= ________

کل انگلیوں کی تعداد= ____ × ____ = ____

2۔ (i) خالی گھروں کو پر کیجیے:

| ضرب کیجیے | ہر ایک دل کی چیزوں کی تعداد | دل کی تعداد | چیزوں کی تصویر |
|---|---|---|---|
| ۳×۲ | ۲ | ۳ |  |
| ۳×۳ | | |  |
| ۲×۴ | | |  |
| ۲×۵ | | |  |
| ۲×۸ | | |  |

(ii) خالی گھروں میں جواب لکھیے:

| | |
|---|---|
| ۴+۴+۴+۴+۴ | ۲۰=۵×۴ |
| ۵+۵+۵+۵+۵+۵ | |
| ۳+۳+۳+۳ | |
| ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲ | |
| ۱۰+۱۰+۱۰+۱۰+۱۰+۱۰+۱۰ | |

(iii) خالی گھروں کو پر کیجیے:

| | |
|---|---|
| ۲۰=۴+۴+۴+۴+۴ | ۲۰=۵×۴ |
| ۲۰=۵+۵+۵+۵ | ................ |
| ☐ =۳+۳+۳+۳+۳+۳ | ................ |

3۔خالی گھروں کو پر کیجیے:

(i)



۴ کا ______ گنا = ______ × ______ = ______

(ii)



۵ کا ______ گنا = ______ × ______ = ______

4۔ضرب کر کے خالی جگہوں کو پر کیجیے:

| × | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | | ۸ | | ۱۰ |
| ۲ | | | | | | | | | | |
| ۳ | | | | | | | | | | |
| ۴ | | | | | | | | | | |
| ۵ | | | | | | | | | | |
| ۱۰ | | | | | | | | | | |

اسی طرح کا ایک نقشہ بنا کر اپنے کلاس میں لٹکائیے۔

5۔سوالوں کے جواب لکھیے :

| | | |
|---|---|---|
| (i) | ایک رکشا کے ۳ پہیے ، <br> ۵ ررکشوں کے کتنے پہیے ؟ <br>  | ایک رکشا کے ۳ پہیے ۔ <br> ۵ رکشوں کے پہیوں کی تعداد = ۳ کا ۵ گنا <br> ۳ × ۵ = ۱۵ <br> ۵ رکشوں کے ۱۵ ر پہیے ۔ |
| (ii) | ایک بیلون کی قیمت ۴ روپے ہوتو <br> ۴ ر بیلون کی قیمت کیا ہوگی ؟ <br>  | |
| (iii) | ۳ رلڑکوں کے داہنے ہاتھ کی <br> انگلیوں کی کل تعداد کتنی ؟ <br>  | |
| (iv) | ۷ رکیکڑوں کے کتنے پیر ہوں گے ؟ <br>  | |
| (v) | تین سائکل اور چار رکشوں کے کل کتنے پہیے <br> ہوں گے ؟ <br>   | |

کون سا تالا کس سے کھلے گا؟




7۔ کہیے اور جواب لکھیے:

(i) ایک گاڑی کے ۴ پہیے، اسی طرح ۲ گاڑیوں کے کتنے پہیے؟ ________

(ii) ایک ہاتھ میں ۵ انگلیاں، ۳ ہاتھوں میں کتنی انگلیاں؟ ________

(iii) ۴ کا ۲ گنا کتنا ہوگا؟ ________

(iv) ۱۰ کا ۲ گنا کتنا ہوگا؟ ________

(v) ۴ کا ۱۰ گنا کتنا ہوگا؟ ________

استاد کے لیے ہدایت: دل ہی دل میں حساب کر کے کہنے کے لیے ۲، ۳، ۴، ۵ اور ۱۰ کے پہاڑوں سے تعلق رکھنے والے کئی سوالات تیار کر کے استاد بچوں کے ساتھ مذاکرہ کریں گے۔ اس کے لیے درجہ میں کوئز کا کام بھی کیا جا سکتا ہے۔

8۔ میں کون ہوں بتائیے:

(i) ۲ کا ۸ گنا سے زیادہ، ۳ کے ۲ گنا سے کم؟ ________

(ii) ۵ کے ۴ گنا سے کم، ۳ کے ۲ گنا سے زیادہ؟ ________

(iii) ۵ کے ۶ گنا سے کم، ۴ کے ۷ گنا سے زیادہ؟ ________



سبق: 11

# برابر حصے میں تقسیم کریں گے

4Z9KPJ

چکو، میکو، ٹوکو خرگوش تین
لیچو کے درخت کے نیچے ہوئے کھڑے
تینوں نے ماری زور سے چھلانگ
لے نہیں پائے تھک گیے تمام





چیکو، میکو کے ہاتھ پر چڑھ کر
لیچی کی ڈالی میں لگایا انکوس
نزدیک تھا چھوٹا خرگوش ٹوکو
لگا کرنے میکو کے بغل میں گدگدی



گدگدی کی حرکت کو بھلا کون سنبھالے
ہنستے ہنستے میکو گرا تلے
لٹکا رہ گیا چیکو درخت کی ڈالی
مزہ دیکھ کر ٹوکو نے بجائی تالی

ٹوٹ گئی ڈالی گر گیا وہ تلے
آہ، کہہ کر چیکو نے کمر سہلائی



اس ڈالی میں نو عدد تھی لیچی
بانٹ کھانے میں ہوئی ان کی لڑائی
زیادہ میں کھاؤں گا کہتا تھا کوئی
میری وجہ سے تلے گری تھی لیچی





ایک بندر سن رہا تھا سب بیٹھ کر
آ گیا تھا تلے ایک چھلانگ مار کر
بیٹھایا سب کو کان پکڑوا کر
بانٹ دی لیچی تمام برابر





ایک ایک کر کے دیا سب کو
نہ کرو جھگڑا مزید ملے گی تم کو
پھر دیا وہ ایک ایک سب کو
دو دو لیچی ملی ہر ایک کو



ایک ایک کر کے سب کو دیا آخر میں
تین لیچی پڑی ہر ایک کے حصے میں
دیکھ کر بندر کے طریقۂ تقسیم کو
پڑ گیے حیرت میں چیکو، میکو اور ٹو کو



بندر کو بنایا استاد اپنا
سب نے کیا جھک کر سلام
طریقہ یہ اچھا سیکھے ہم تمام
نہ بھولیں گے کبھی یہ آیے گا کام

## اب کہیے اور لکھیے:

- کتنے خرگوش لیچیاں کھانے گیے تھے؟
- درخت کی ڈالی سے کتنی لیچیاں گریں؟
- خرگوشوں کے درمیان جھگڑا کیوں ہوا؟
- خرگوشوں کی لیچیاں کس نے تقسیم کیں؟
- بندر لیچیاں کس طرح تقسیم کیں؟
- پہلے اس نے کتنی لیچیاں دیں؟
- اس کے بعد اس نے کتنی لیچیاں دیں؟
- آخر میں اس نے کتنی لیچیاں دیں؟
- ہر ایک کو کتنی لیچیاں ملیں؟

اماں گلہری اپنے بچوں کے درمیان آم تقسیم کر رہی تھی۔



اماں گلہری کتنی بار آم دی ہے؟ ______________

مزید کتنی بار آم دے گی؟ ______________



یہ دونوں مچھلیاں کن کن بلیوں کی تھالی میں دی جائیں گی لکیر کھینچ کر بتائیے؟

تقسیم کے بعد ایک حصے میں کتنی مچھلیاں ہوں گی؟ ______________



یہ تینوں بطخیں کس کس دل میں شامل ہوں گی تو
ہر دل میں برابر بطخیں ہوں گی؟ لکیر کھینچ کر بتاییے۔

● ایک دل میں چار چوہے ہے۔ دائرہ کھینچ کر بتائیے کہ کتنے دل ہوئے؟



کل دلوں کی تعداد= ______




1۔ دی گئی ہدایت کے مطابق دل بنائیے۔

(i) تین چوزوں میں ایک دل، تصویر میں دیے گئے چوزوں میں کتنے دل ہوں گے؟



(ii) ۵/طوطوں میں ایک دل ہوتا ہے۔کل دلوں کی تعداد



(iii) ایک بچے کو ۴/عدد چاکلیٹ دیا جائے تو تصویر میں دیے گئے چاکلیٹ کتنے بچے کھائیں گے؟



(iv)





۳/عدد بیلون لے کر ایک گچھا بنایا جایے
تو.........گچھے ہوں گے

۵/عدد بیلون لے کر ایک گچھا بنایا جایے
تو.........گچھے ہوں گے

2۔ آپ خود ۱۵/عدد بیلون کی تصویر بنائیے۔ ۴ عدد بیلون میں ایک گچھا بنائیے۔

کتنے گچھے بنا؟ ____________

کتنے بیلون بچ گیے؟ ____________



سبق:12

# روپے پیسے کا لین دین کریں گے

ایک دن نانا جان اپنا گھر صاف کر رہے تھے۔ صفائی کے دوران انھیں ایک ڈبا ملا۔ اس میں کچھ پرانے اور کچھ نیے چلنے والے سکے تھے۔ ٹھیک اسی وقت ان کا نواسا وہاں آ کر پہنچ گیا۔ نانا کے ہاتھ سے اس نے ڈبا لے لیا۔ ڈبا لیتے لیتے گر گیا۔ سارے سکے زمین پر بکھر گیے۔ نواسے کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔ اس نے ان سکوں کو دیکھا۔ نانا نے اسے ایک ایک سکے کے بارے میں بتایا۔ اور اپنی جیب سے کچھ نوٹ نکال کر دکھایا۔ آؤ ہم بھی جانیں گے کہ اس ڈبے میں کیا کیا سکے تھے؟ اور جیب میں کون کون سے نوٹ تھے؟

4ZIGR7



**اب آپ کہیے:**

- ڈبا میں کتنے سکے تھے؟ __________
- کون کون سے سکے تھے؟ __________
- ایک روپے کے کتنے سکے تھے؟ __________
- ہر سکہ کتنی تعداد میں ہے گنیے اور کہیے۔

● نانا نے اپنی جیب سے جن نوٹوں کو نکال کر بتایا آیئے ان کو ہم پہچانیں۔























استاد کے لیے ہدایت: استاد ہر ایک سکے اور نوٹ کو لا کر بچوں کو بتائیں۔ ہر بار ۳/۴ سکے یا نوٹ لے کر ان کی قیمت کیا ہے، اس پر مذاکرہ کریں گے۔ لیکن دھیان رکھیں کہ ۳/۴ سکے یا نوٹ کی مجموعی قیمت ۵۰/روپے سے زائد نہ ہو۔



# عملی مشق

1۔ برابر والی قیمت کے سکے کو لکیر کھینچ کر بتائیے:



















2۔ کوٹھریوں میں جو سکے اور نوٹ کی تصویر دی گئی ہے ان کی قیمت خالی گھروں میں لکھیے ۔

| | |
|---|---|
| ۵/روپے |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |

3۔ نیچے دیے گیے نوٹوں کو دیکھ کر خالی گھروں کو پر کیجیے۔




عدد







عدد







عدد




4۔ خالی گھروں میں جواب لکھیے۔

(i) ایک روپے میں کتنے ۲۵/ پیسے کے سکے ہوں گے؟

(ii) ایک روپے میں کتنے ۵۰/ پیسے کے سکے ہوں گے؟

(iii) ۲/روپے میں کتنے ۱/روپے کے سکے ہوں گے؟

(iv) ۲/روپے میں کتنے ۵۰/ پیسے کے سکے ہوں گے؟

(v) ۲/روپے میں کتنے ۲۵/ پیسے کے سکے ہوں گے؟

(vi) ایک ۵/روپے کا سکہ دیں تو تمہیں کتنے ۱/روپے کے سکے ملیں گے؟

(vii) ایک ۵/روپے کا سکہ دیں تو تمہیں کتنے ۵۰/ پیسے کے سکے ملیں گے؟

5۔ نوٹ اور سکے مل کر کتنے ہوں گے؟

(i)

۳۰/روپے

(ii)

= ----------

(iii)

= ----------



(iv)

= ---------

6۔سکوں کی قیمت کو ملا کر کل قیمت لکھیے :

(i) ۲۰/روپے +۵/روپے =..........روپے =

(ii) ۲۰/روپے +۱۰/روپے =..........روپے =

(iii) ۱۰/روپے +۵/روپے+۵/روپے =..........روپے =

(iv) ۲۰/روپے +۱۰/روپے+۱۰/روپے =..........روپے =

7۔ دل ہی دل میں حساب کر کے کہیے اور پھر بعد میں جواب کو بائیں طرف کے گھر میں لکھیے ۔

(i) آپ نے ایک کتاب خرید کر دکان دار کو ۲ /عدد ۱۰ /روپے کے نوٹ اور ۱ /عدد ۵ /روپے کا نوٹ دیا۔ تو بتائیے کتاب کی قیمت کتنی ہوئی ؟

(ii) ایک بسکٹ کے پیکٹ کی قیمت ۲۲ روپے۔ وسیم نے ایک بسکٹ کا پیکٹ خرید کر دکان دار کو ۳۰ /روپے دیا۔ تو بتائیے دکان دار اس کو کتنے روپے واپس کرے گا ؟

(iii) ایک مٹھائی کی قیمت ۲ /روپے ہے۔ سیما نے دو میٹھائیاں خرید کر دکان دار کو ۱۰ /روپے دیا۔ تو بتائیے دکان دار اس کو کتنے روپے واپس کرے گا ؟

(iv) گوپال کے پاس کچھ ۵ /روپے کے سکے اور ۱۰ /روپے کے سکے ہیں ۔ اسے ۲۵ /روپے کی قیمت کا ایک کھلونا خریدنے کے لیے ایک ۱۰ روپے کے نوٹ کے ساتھ کتنے ۵ /روپے کے سکے دینے ہوں گے؟

(v) سیتا کے پاس ۶ /عدد ۲ /روپے کا نوٹ اور ۵ /روپے کے ۵ /نوٹ تھے۔ تو بتائیے کہ اس کے پاس کل کتنے روپے تھے؟



## آپ کے لیے کام:

آئیے ہم سکوں کی چھاپ بنائیں:

- کئی طرح کے سکے اکٹھا کیجیے۔
- میز پر ایک سکہ رکھ کر اس کے اوپر ایک پتلا کاغذ رکھیے۔
- ایک ہاتھ میں کاغذ کو پکڑ کر پنسیل کے پیچھے طرف کو سکے پر آہستہ آہستہ رگڑ یئے۔
- آپ اپنی پسند کے سکے کی تصویر پائیں گے۔




# لمبائی کتنی ہے معلوم کریں گے

رعنا اور مینا دونوں سہیلیاں ہیں۔ دونوں دوسرے درجے میں پڑھتی ہیں۔ ایک دن دونوں بلیک بورڈ کی لمبائی کو اپنے بالشت سے ناپ رہی تھیں۔ رعنا نے کہا'' ہمارا بلیک بورڈ ۷ ر بالشت لمبا ہے۔ مینا نے کہا نہیں نہیں بلیک بورڈ تو ٦ ر بالشت لمبا ہے۔



4ZSCSU

- اب آپ اور آپ کا ساتھی دونوں بلیک بورڈ کی لمبائی ناپیے۔

آپ کی ناپ = .... بالشت

ساتھی کی ناپ = .... بالشت

بتائیے کہ کیا آپ دونوں کی ناپ برابر ہوئی؟ ________



- آپ اپنی حساب کی کاپی کے دونوں کناروں کو ماچس کی کاٹھی سے ناپیے اور لکھیے۔

کاپی کی لمبائی ..........عدد ماچیس کی کاٹھی کی لمبائی کے برابر ہے۔

کاپی کی چوڑائی ..........عدد ماچیس کی کاٹھی کی لمبائی کے برابر ہے۔



- میز کے دونوں کناروں کو ڈسٹر سے ناپیے اور لکھیے۔

میز کی لمبائی ..........عدد ڈسٹر کی لمبائی کے برابر ہے۔

میز کی چوڑائی ..........عدد ڈسٹر کی لمبائی کے برابر ہے۔

**استاد کے لیے ہدایت:** ماچس کی کاٹھی، رول، ہاتھ، بالشت اور پیروں سے مختلف دوری کو ناپنے کے لیے موقع فراہم کیا جائے۔ بچے دل بنا کر یہ کام کریں گے۔ دل میں ہر بچہ ایک مقررہ لمبائی کو ہاتھ، بالشت اور پیروں سے ناپے گا۔ ہر بچے کا جواب الگ الگ کیوں ہو رہا ہے اس پر مذاکرہ کر کے کہیں گے۔

## آیئے ہم اپنی اونچائی ناپ کر جانیں گے۔



- درجہ کی دیوار کی ایک مقررہ اونچائی پر نشان لگائیے۔
- ایک کے بعد دوسرا اس طرح ہر بچہ اس کے سامنے والی دیوار سے لگ کر کھڑا ہو جایے۔
- کون کون سے بچے کی نشان لگائی گئی اونچائی سے زیادہ اور کون کون سے بچے کی اونچائی سے کم ہیں، ان کے نام نیچے کے نقشے میں لکھیے۔

| ناپ سے کم | ناپ سے زیادہ | نشان لگائی گئی ناپ کے ساتھ برابر |
|---|---|---|
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |



### آپ کے لیے کام:

- آپ اپنے گھر کی لمبائی اور چوڑائی کو اپنے ہاتھ اور بالشت سے ناپیئے۔
- آپ کے درجہ کی لمبائی اور چوڑائی کو ہاتھ اور بالشت سے ناپیے۔
- آپ کے گھر اور درجہ کے درمیان کس کی لمبائی زیادہ ہے؟
- آپ کے گھر اور درجہ کے درمیان کس کی چوڑائی زیادہ ہے؟



# عملی مشق

1۔ ماچس کی کاٹھی لے کر نیچے دی گئی لمبائی کی ناپ معلوم کیجیے۔

| شمارہ | کس کی ناپ | ناپ |
|---|---|---|
| ۱ | حساب کی کتاب کی لمبائی | .......عدد ماچس کی کاٹھی کی لمبائی |
| ۲ | حساب کی کتاب کی چوڑائی | .......عدد ماچس کی کاٹھی کی لمبائی |
| ۳ | کاپی کی لمبائی | .......عدد ماچس کی کاٹھی کی لمبائی |
| ۴ | کاپی کی چوڑائی | .......عدد ماچس کی کاٹھی کی لمبائی |
| ۵ | پینسل کی لمبائی | .......عدد ماچس کی کاٹھی کی لمبائی |
| ۶ | ڈرائنگ کاپی کی لمبائی | .......عدد ماچس کی کاٹھی کی لمبائی |
| ۷ | ڈرائنگ کاپی کی چوڑائی | .......عدد ماچس کی کاٹھی کی لمبائی |

2۔ تصویر دیکھ کر جواب کہیے اور لکھیے۔



(i) پینسل کی لمبائی = [ ] عدد ماچس کی کاٹھی کی لمبائی۔



(ii) قلم کی لمبائی = [ ] عدد کانٹے کی لمبائی۔



(iii) میز کی لمبائی = [ ] عدد ڈسٹر کی لمبائی۔

3۔ ایک رول کے ذریعہ پہلے ناپ کا اٹکل لکھیے اور بعد میں ناپ کر لکھیے۔

| کس کی ناپ | اٹکل سے | صحیح ناپ |
|---|---|---|
| بلیک بورڈ کی لمبائی | ...........رول | ...........رول |
| بلیک بورڈ کی چوڑائی | ...........رول | ...........رول |
| کھڑکی کی لمبائی | ...........رول | ...........رول |
| کھڑکی کی چوڑائی | ...........رول | ...........رول |

4۔ ایک ہاتھ لمبا ایک سیدھا ڈنڈا تیار کیجیے پہلے اٹکل سے اور بعد میں ناپ کر لکھیے۔

| کس کی ناپ | اٹکل سے | صحیح ناپ |
|---|---|---|
| چوکھٹ کی لمبائی | ...........ڈنڈا | ...........ڈنڈا |
| چوکھٹ کی چوڑائی | ...........ڈنڈا | ...........ڈنڈا |
| | ...........ڈنڈا | ...........ڈنڈا |
| برآمدے کی چوڑائی | ...........ڈنڈا | ...........ڈنڈا |
| درجہ کی لمبائی | ...........ڈنڈا | ...........ڈنڈا |
| درجہ کی چوڑائی | ...........ڈنڈا | ...........ڈنڈا |



سبق: 14



# کون ہلکا اور کون بھاری جانیں گے

## اٹکن پٹکن کا کھیل:

بندر، بکری اور بلیوں کے درمیان اٹکن پٹکن کا کھیل چل رہا ہے۔



5128UH



بندر دوڑ کر آیا اور ایک طرف بیٹھ گیا۔
جس طرف وہ بیٹھا تھا، اس طرف کا حصہ نیچے جھک گیا۔
اس نے دوسروں کو بلا کر کہا ''کون مجھے اوپر کو اٹھا سکے گا؟



بندر دوڑ کر آیا اور ایک طرف بیٹھ گیا۔
جس طرف وہ بیٹھا تھا، اس طرف کا حصہ نیچے جھک گیا۔
اس نے دوسروں کو بلا کر کہا ''کون مجھے اوپر کو اٹھا سکے گا؟



پھر دو بلیاں آ کر پٹے کی دوسری طرف بیٹھ گئیں۔
تختہ کے دونوں سرا پر بندر اور بلیوں کے بیٹھنے پر
اب زمین سے برابر کی اونچائی آ گئی۔

تختہ کی ایک جانب بندر اور دوسری جانب تین بلیوں کے
بیٹھنے پر پٹا زمین سے برابر کی اونچائی پر کیوں آ گیا؟



اس کے بعد بکری آ کر بیٹھی۔
اور وہ سرا نیچے جھک گیا۔
بندر اچانک کہنے لگا۔
"اے بہن بکری آپ مجھ سے جیت گئیں۔

اب آپ کہیے:

(i) بندر اور بکری میں کس کا وزن زیادہ ہے؟ ________
(ii) بندر اور بلی میں کس کا وزن زیادہ ہے؟ ________
(iii) بلّی اور بکری میں کس کا وزن زیادہ ہے؟ ________
(iv) بندر کا وزن کتنی بلیوں کے وزن کے برابر ہے؟ ________
(v) بکری، بلی اور بندر میں کس کا وزن زیادہ ہے؟ ________
(vi) کیا تین بلیوں کا وزن مل کر بکری کے وزن سے زیادہ ہے؟ ________

## چھوٹو اور موٹو کی لڑائی:



چھوٹو اور موٹو راستہ میں جا رہے تھے۔

راستہ میں ان کو ایک بورا ملا۔

بورے کے اندر کچھ مولیاں تھیں۔

دونوں کے درمیان لگا جھگڑا۔






دونوں کے درمیان مولی کو برابر حصہ میں تقسیم کرنا پڑے گا۔

کچھ مولیاں بڑی ہیں اور کچھ مولیاں چھوٹی ہیں۔

ہم کیا کریں گے؟

دونوں کے درمیان حصے کو برابر کرنے کے لیے بھیڑ نے ایک چیز لائی۔

کیا آپ کہہ سکتے ہیں کہ بھیڑ کیا چیز لائی تھی؟

بھیڑ ایک ترازو لائی تھی۔

بائیں طرف کی کوٹھری میں ایک ترازو کی تصویر بنائیے۔

- نیچے کی تصویروں کو دیکھیے جس کا وزن زیادہ ہے اس میں رنگ بھریے۔

(i)





(ii)





(iii)





(iv)







آپ اپنے گھر کے قریب کی دکان پر تو گیے ہوں گے۔
دکان دار کو ترازو میں چیزوں کو تولتے ہوئے آپ نے دیکھا ہوگا۔
دکان دار ترازو میں کون کون سی چیزیں تولتا ہے لکھیے۔

.............................................

.............................................

.............................................

.............................................



دی گئی تصویر کو دیکھیے یہ ایک ترازو کی تصویر ہے۔
ترازو کے دو پلڑے ہوتے ہیں۔ دائیں طرف کے
پلڑے میں ایک کرکٹ کا بلا رکھا گیا ہے اور
بائیں طرف کے پلڑے میں ایک کرکٹ کی گیند رکھی گئی ہے۔

- ترازو کے کس طرف کا پلڑا نیچے ہے؟
- کرکٹ بلا اور کرکٹ گیند میں کس کا وزن زیادہ ہے؟



- تمہارے اسکول کے ترازو کو لے لیجیے۔
- ترازو کی بائیں جانب کے پلڑے میں ایک اینٹ رکھیے۔
- آپ دیکھیے گا کہ، ترازو کی بائیں جانب کا پلڑا نیچے ہو رہا ہے۔
- کچھ کنکری دائیں جانب کے پلڑے میں ڈالیے اس طرح کے اینٹ کے وزن کے ساتھ ان کا وزن برابر ہو جایے۔
- آپ نے دائیں جانب کے پلڑے میں کتنی کنکریاں ڈالیں گن کر لکھیے۔

# عملی مشق

1۔



(i) ان میں سے کون ندی پار ہو سکتا ہے؟ ..................................................

(ii) کس کا وزن زیادہ ہے؟ ..................................................

(iii) کس کا وزن کم ہے؟ ..................................................

2۔







(i) ان دونوں میں سے اپ کس کو اٹھا سکتے ہیں؟ ..................................................

(ii) کس کو اٹھا نہیں سکتے ؟ ..................................................

(iii) کس کا وزن زیادہ ہے؟ ..................................................

(iv) کیوں اٹھا نہیں سکتے ؟ ..................................................

3۔ کون سا جانور کس چیز کو ڈھو سکتا ہے؟ لکیر کھینچ کر جوڑیے۔


















4۔ ترازو کے ایک پلڑے میں بار بار ڈسٹر، قلم، پنسل اور چوک کھڑی رکھ کر دوسرے پلڑے میں املی کے بیج رکھیے۔
کتنی املی کے بیج ڈالنے سے ترازو کے دونوں پلڑے زمین سے برابر دوری پر رہیں گے گن کر لکھیے۔

| چیزوں کے نام | املی کے بیج کی تعداد |
|---|---|
| ڈسٹر | ...........عدد املی کے بیج |
| قلم | ...........عدد املی کے بیج |
| پنسل | ...........عدد املی کے بیج |
| چوک کھڑی | ...........عدد املی کے بیج |
| حساب کی کاپی | ...........عدد املی کے بیج |

سبق: 15

# برتن لے کر پانی ناپیں گے



دھوپ بہت تیز تھی۔ سناتن بابو گھر کو واپس ہوئے۔ گھر پہنچتے ہی اپنی بیٹی روزی کو بلائے۔ ''بیٹی، میرے لیے پانی لاؤ۔'' روزی ایک چھوٹی سی کٹوری میں پانی لائی۔ کٹوری کو دیکھ کر سناتن بابو نے مسکرایا اور کہا ''اتنا کم پانی جا اور زیادہ پانی لے آنا۔''



روزی اس بار تھوڑی سی بڑی کٹوری میں پانی لے آئی۔ سناتن بابو نے کہا۔ ''کیا تمھیں معلوم نہیں کہ بڑے برتن میں زیادہ پانی اور چھوٹے برتن میں کم پانی سماتا ہے۔ روزی اس مرتبہ ٹھیک سمجھ گئی۔



تصویر دیکھ کر کہیے:

- کس میں بہت ہی کم پانی سمائے گا؟ ..............................
- کس میں زیادہ پانی سمائے گا؟ ..............................
- ان میں سے کون سا پانی کا برتن بڑا ہے؟ ..............................

- آیئے برتنوں کو لے کر پانی ناپ کر کھیلیں۔

تصویر کے مطابق، پہلے اندازہ لگائیں کہ چھوٹے برتن سے کتنی بار پانی ڈالنے سے بڑا برتن بھر جائے گا۔
کہیے اور پھر ناپ کر خالی گھروں میں لکھیے۔

| برتن | اٹکل سے ناپ | صحیح ناپ |
| --- | --- | --- |
| ۱  | | |
| ۲  | | |
| ۳  | | |
| ۴  | | |

- ارشد، راشد اور بے بی نے تین مختلف طرح کی بوتلوں میں پانی بھر کر برابر ناپ کے تینوں گلاس میں ڈالا۔

تصویر دیکھ کر سوالوں کا جواب دیجیے،



- کس گلاس میں زیادہ پانی ہے؟ ..............................
- کس گلاس میں کم پانی ہے؟ ..............................
- کس بوتل میں بہت ہی کم پانی سماتا ہے؟ ..............................
- کس بوتل میں سب سے زیادہ پانی سماتا ہے؟ ..............................



- امی جان نے ریما کو مرمرے رکھنے کو کہا۔ ریما گلاس گلاس کر کے بڑے ڈبا میں ۱۵؍ گلاس اور چھوٹے ڈبا میں ۸؍ گلاس مرمرے بھر دیا۔

**جواب دیجیے:**

- پہلے ڈبا میں ریما نے کتنے گلاس مرمرے رکھا؟ ..............................
- دوسرے ڈبا میں کتنے گلاس مرمرے رکھا؟ ..............................
- کس ڈبا میں زیادہ مرمرے سمایے؟ ..............................
- ہم اور کس برتن سے مرمرا ناپ سکتے ہیں؟ ..............................

## عملی مشق

1۔ نیچے چند چیزوں کے نام دیے گیے ہیں۔ ان کے اوپر چند تصویریں دی گئی ہیں۔ کون سی چیز کس میں رہتی ہے لکیر کھینچ کر دکھایئے۔



تیل      چینی      سبزیاں      کتاب      سالن

2۔ کس چیز کو استعمال کر کے جلد ناپا جا سکے گا۔ اس کے پاس صحیح نشان لگائیے۔

کس چیز میں ناپنے سے زیادہ وقت لگے گا اس کے سامنے (   ) نشان لگائیے۔

(i)






(ii)






(iii)






3۔ نقطوں کو جوڑیے:







سبق: 16

# بارہ مہینوں کے نام جانیں گے

51JZXS



دسہرا کی چھٹی تھی۔ روزی اور ساجد اپنے والد کے ساتھ دلّی گھومنے نکلے۔ وہ لوگ اتوار کی صبح بھوبینشور ریل اسٹیشن سے ریل گاڑی میں بیٹھے۔ اتوار کے دن بھر ریل گاڑی چلتی رہی۔ کئی طرح کی چیزیں بکنے کے لیے آ رہی تھیں۔ والد صاحب نے کئی بار آئس کریم، چنا اور بادام وغیرہ خرید کر بچوں کو دیا۔ بچوں نے ریل گاڑی میں بڑی خوشیاں منائیں۔ پیر کی شام وہ لوگ دلّی پہنچے۔ وہاں اپنے ماموں کے گھر ٹھہرے۔ تین دن گھوم پھر کر جمعہ کے دن دلّی سے نکلے اور سنیچر کے دن گھر پہنچے۔

اب آپ کہیے:

- روزی اور ساجد کس دن ریل گاڑی میں سوار ہوئے؟
- کس دن وہ لوگ دلّی پہنچے؟
- کس کس دن وہ لوگ دلّی میں گھومے پھرے؟
- کس دن وہ لوگ دلّی سے روانہ ہوئے؟
- کس دن وہ لوگ گھر پہنچے؟

آیئے خالی گھروں میں ہفتے کے دنوں کے نام ترتیب وار لکھیں گے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | منگل | | |

آیئے نیچے کے سوالوں کے جواب لکھیں گے:

- منگل کے بعد کون سا دن آتا ہے؟ ..............................
- منگل کے پہلے دن کا نام کیا ہے؟ ..............................
- اتوار کے بعد کون سا دن آتا ہے؟ ..............................
- بدھ اور جمعہ کے درمیان کون سا دن پڑتا ہے؟ ..............................
- پیر اور جمعرات کے درمیان کون کون سے دن ہوتے ہیں؟ ..............................
- پیر کے تین دن کے بعد کون سا دن پڑے گا؟ ..............................
- آئندہ کل کون سا دن ہوگا؟ ..............................
- گذشتہ کل کون سا دن تھا؟ ..............................



ہمارے درجے کی روٹین:

| دن/پریڈ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پیر | ادب | حساب | ڈرائنگ | ماحولیات | ادب | کھیل |
| منگل | ادب | حساب | دستی کام | ماحولیات | ادب | کھیل |
| بدھ | ادب | حساب | دستی کام | ماحولیات | ادب | باغبانی |
| جمعرات | ادب | حساب | ڈرائنگ | ماحولیات | گیت اور ناچ | باغبانی |
| جمعہ | ادب | حساب | گیت اور ناچ | ادب | ماحولیات | کھیل |
| سنیچر | ڈریل | حساب | ڈرائنگ | ادب | مٹی کا کام | باغبانی |

روٹین کو دیکھ کر نیچے کے گھروں میں جواب لکھیے :

| پڑھے جانے والے مضامین | کس کس دن میں پڑھائے جارہے ہیں؟ |
|---|---|
| ڈرائنگ | |
| باغبانی | |
| کھیل | |
| دستی کام | |
| گیت اور ناچ | |
| حساب | |

- آپ اپنے درجے کی روٹین لائیے۔اس کو دیکھ کر نیچے کے سوالوں کے جواب لکھیے ۔

(i) کس کس دن روٹین میں کھیل کا پیریڈ ہے؟ ------------------------

(ii) روٹین میں ناچ اور گیت کا پیریڈ ہے کیا؟ ہاں / نہیں

اگر ہے تو کس دن ہے؟ ------------------------

(iii) روٹین میں کس کس دن ڈرائنگ بنانے کو کہا گیا ہے؟ ------------------------

## بارہ مہینوں کی بات:

سال کے بارہ مہینے ہوتے ہیں۔ایک دن بارہ مہینے سب کے سب مل کر باتیں کررہے تھے ۔ ہرایک اپنے بارے میں یوں کہہ رہا تھا۔



**مارچ**

جنوری کی طرح میں بھی ۳۱/دن کا ہوتا ہوں۔
میں سال کا تیسرا مہینہ ہوں۔

**اپریل**

مارچ کے بعد آتا ہوں۔ میں ۳۰/دن کے لیے آتا
ہوں۔ میرے آنے سے دھوپ تیز ہوتی ہے۔

**مئی**

میں سال کا پانچواں مہینہ ہوتا ہوں۔
میں ۳۱/دن تک رہتا ہوں۔ اسی وقت گرمی کی چھٹی
ہوتی ہے اور اسکول بند ہوجاتے ہیں۔

**جون**

میں ۳۰/دن کے لیے آتا ہوں۔ میں سال کا چھٹا مہینہ
ہوں اور بچوں کے لیے رج کا تہوار لے کر آتا ہوں۔
رج میں جھولا جھول کر بچے خوش ہوتے ہیں۔

**جولائی**

سال کا ساتواں مہینہ کہنے سے میں سمجھا جاتا ہوں۔
میں ۳۱/دن کا ہوں، میرے آنے سے بارش کا موسم
شروع ہوتا ہے۔

**اگست**

میں بھی جولائی کی طرح ۳۱/دن کا ہوتا ہوں۔ میرا نام
اگست ہے۔ اسی مہینہ میں یوم آزادی منائی جاتی ہے۔

**ستمبر**

میں ۳۰/دن والا مہینہ ہوں۔ میں سال کا نواں مہینہ
ہوں۔ اس مہینہ میں یوم اساتذہ منایا جاتا ہے،

**اکتوبر**

میں اکتوبر ہوں۔ سال کا دسواں مہینہ۔ میں ۳۱/دن
کے لیے آتا ہوں۔

**نومبر**

میں ۳۰/دن والا مہینہ ہوں۔ اس مہینہ میں یوم اطفال
منایا جاتا ہے۔

**دسمبر**

میں سال کا آخری مہینہ ہوں۔ میں ۳۱/دن کے لیے
آتا ہوں۔ میرے رخصت ہوتے ہی ایک سال پورا
ہوجاتا ہے۔

سال کے بارہ مہینے کیا کیا باتیں کر رہے تھے جان پایے۔ اب دیے گیے سوالوں کے جواب دیجیے۔

(i) کون سا مہینہ انگریزی سال کا پہلا مہینہ ہے؟ ..............................

(ii) کون سا مہینہ انگریزی سال کا آخری مہینہ ہے؟ ..............................

(iii) کون کون سے مہینے ۳۱/ دن کے ہوتے ہیں؟ ..............................

(iv) کون کون سے مہینے ۳۰/ دن کے ہوتے ہیں؟ ..............................

- لیپی، حسینہ اور جارج تینوں اپنے پسندیدہ مہینے کے بارے میں بات چیت کر رہے تھے۔



مئی اور جون میرے پسندیدہ مہینے ہیں۔ اسی وقت خوب آم کھانے کو ملتے ہیں۔



لیپی



لیکن مجھے جولائی اور اگست کے مہینے بہت اچھے لگتے ہیں۔ جب بارش ہوتی ہے تو میں گاؤں کی گلی میں کاغذ کی ناؤ بہاتی ہوں۔



حسینہ



مجھے دسمبر کا مہینہ اچھا لگتا ہے۔ بڑے دن میں میرے لیے نیے کپڑے آتے ہیں۔



جارج

- تمھیں سال کا کون سا مہینہ سب سے اچھا لگتا ہے؟ اور کیوں؟ ______________

● نیچے دی گئی تصویروں میں ہونے والے کاموں کا تعلق کس مہینے کے ساتھ ہے؟ آپ سوچ کر لکھیے۔






## کیا آپ جانتے ہیں؟



ہم لوگ اکتوبر کی ۲/ تاریخ کو گاندھی جینتی مناتے ہیں۔ اسی دن مہاتما گاندھی پیدا ہوئے تھے۔



نومبر مہینے کے ۱۴/ تاریخ کو ہم لوگ یوم اطفال مناتے ہیں۔ یہ جواہر لال نہرو کی پیدائش کا دن ہے۔



ہم لوگ جنوری کی ۲۳/ تاریخ کو نیتا جی جینتی مناتے ہیں ۔ اسی دن نیتا جی سبھاس چندر بوس کٹک میں پیدا ہوئے




اپریل کی پہلی تاریخ کو اتکل دوس کے طور پر منایا جاتا ہے۔

- آپ اپنے دس ساتھیوں کے نام نیچے کے نقشوں میں لکھیے ۔انہیں پوچھ کر معلوم کیجیے کہ وہ کس مہینے میں پیدا ہوئے ہیں ؟







| ساتھیوں کا نام | پیدا ہونے والے مہینے کا نام |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |







آپ کس مہینے اور کتنی تاریخ کو پیدا ہوئے تھے گھر والوں سے معلوم کر کے لکھیے ۔

| | |
|---|---|
| پیدائش کی تاریخ | |
| پیدائش کا مہینہ | |

اڑیا مہینوں کی بات:

ہم لوگ انگریزی کے بارہ مہینوں کے نام جان لیے۔ اسی طرح اڑیا میں بھی مہینوں کے نام لکھے گیے ہیں۔ سال کے چھے موسموں اور بارہ مہینوں کے نام نیچے لکھے گیے ہیں۔ ان کو دیکھیے۔





| گرمی کا موسم | | برسات کا موسم | | خزاں کا موسم | |
|---|---|---|---|---|---|
| بیساکھ | جیٹھ | اساڑھ | ساون | بھادوں | آشوِن |





| شبنمی موسم | | جاڑے کا موسم | | بہار کا موسم | |
|---|---|---|---|---|---|
| کارتک | مارگ شیر | پوس | ماگھ | پھاگن | چیت |

- اڑیا کے بارہ مہینوں کے نام کو ترتیب سے لکھیے۔

______ ______ ______ ______ ______ ______

______ ______ ______ ______ ______ ______

- چھے رتوں میں سے آپ کو کون سی رُت سب سے زیادہ اچھی لگتی ہے؟ اور کیوں؟ ______

______

## زیادہ اور کم دنوں کا فرق:

چار اسکولوں میں ایک ہفتے کھیل کا مقابلہ ہوا تھا۔ اس کے شروع اور ختم کا دن نیچے نقشوں میں لکھا گیا ہے۔ اس کو پڑھ کر نیچے کے سوالوں کے جواب لکھیے۔

| اسکول کا نام | کس دن کھیل شروع ہوا | کس دن کھیل ختم ہوا |
|---|---|---|
| بنمالی پور اپر پرائمری اسکول | پیر | جمعرات |
| سومناتھ پور اپر پرائمری اسکول | منگل | بدھ |
| گوند پور نوڈل | جمعرات | سنیچر |
| کوسو پور نوڈل | پیر | جمعہ |

اب کہیے اور لکھیے:

- ☆ کس اسکول میں کھیل کا مقابلہ کتنے دنوں تک ہوا تھا؟ ..................
- ☆ کس اسکول میں سب سے زیادہ دنوں تک کھیل کا مقابلہ ہوا تھا؟ ..................
- ☆ کس اسکول میں سب سے کم دنوں تک کھیل کا مقابلہ ہوا تھا؟ ..................
- ☆ کس اسکول میں کھیل کا مقابلہ ۳/دن ہوا تھا؟ ..................



## عملی مشق

1۔ مہینے کے نام کے نیچے اس کی ترتیب لکھیے:

| جنوری | مارچ | جون | اگست | فروری | اکتوبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | ۳ | | | | |

| اپریل | مئی | دسمبر | نومبر | ستمبر | جولائی |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

2۔ منیشا کے ایک ہفتے کا کام:

| پیر | منگل | بدھ | جمعرات |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |

| جمعہ | سنیچر | اتوار |
|---|---|---|
|  |  |  |

منیشا کس دن کیا کام کرتی ہے لکھیے:

(i) سائیکل چلاتی ہے ______

(ii) کھیلتی ہے ______

(iii) تیرتی ہے ______

(iv) لائبریری جاتی ہے ______

(v) کہانی کتاب پڑھتی ہے ______

(vi) دعوت کھا رہی ہے ______

3۔ نیچے دیے گئے تہوار کس مہینے میں پڑتے ہیں لکھیے:

بڑا دن ------------------

یومِ آزادی ------------------

رج کا تہوار ------------------

یومِ جمہوریہ ------------------

یومِ اطفال ------------------

یومِ اساتذہ ------------------

گاندھی جینتی ------------------

اتکل دِوس ------------------

سبق: 17

# سجاوٹ کریں گے





صفیہ کی پیدائش کے دن۔ سارے سنگ ساتھی مل جل کر بھوج کھایے۔ سب کوئی آپس میں گپ سپ اور مذاق کررہے تھے۔ گھر واپس جانے کے لیے منّا، رینا آپا کو دل ہی دل میں تلاش کر رہا تھا۔ ٹھیک اسی وقت رینا آپا کا چہرہ دیکھا اور رینا آپا کہہ کر پیچھے سے لپٹ گیا۔

منّا نے کہا ''آپا چلو گھر چلیں۔''

نیتا پلٹ کر منّا کو دیکھا اور کہنے لگی۔ ''ارے منّا۔ میں رینا آپا نہیں ہوں۔

نیتا کو دیکھ کر منّا زور سے رونے لگا۔

رینا آپا کہاں ہیں ........؟



منّا کا رونا سن کر رینا دوڑی آئی۔ منّا نے نیتا کو چھوڑ کر رینا کو پکڑ لیا۔
منّا نے کہا۔ دیکھو آپا، تمہارا چوٹی نیتا باجی کا چوٹی، تمہارا فراک اور نیتا باجی کا فراک ایک ہی طرح کا ہے۔ تمہارے فراک میں مالا لٹک رہی ہے نیتا باجی کے فراک میں بھی مالا لٹک رہی ہے۔ تمہارے فراک کی لائنوں میں چوکور تصویریں ہیں، نیتا باجی کے فراک میں بھی اسی طرح کی تصویریں ہیں۔ تمہارے فراک میں ہنس کی تصویر ہے تو نیتا باجی کے بھی ہے۔ تمہارے فراک کی کمر میں چمکی لگی ہے تو نیتا باجی کے بھی لگی ہے۔ میں نے نیتا باجی کو تمہیں سمجھ کر پیچھے سے پکڑ لیا، لیکن جب میں نے دیکھا تو وہ آپ نہیں تھیں۔




رینا نے کہا شاباش تم اچھا دیکھ لیتے ہو:

❖ اچھا کہیے تو، میرے فراک کی کون سی تصویر سالو کے کرتے میں ہیں؟

............................................................

❖ میرے فراک کی کون سی تصویر دیپو کے کرتے کی تصویر کے ساتھ برابر ہے؟

............................................................

❖ میرے فراک کی کون سی تصویر ثانیہ کے فراک کی تصویر کے ساتھ برابر ہے؟

............................................................

برابر والی تصویروں میں ایک ہی طرح کا رنگ بھریے:



- یہی نقشہ جس تصویر میں نہیں ہے اس پر x نشان لگائیے۔



- پتوں کی سجاوٹ دیکھ کر آگے دو تصویریں آپ بنائیے۔



- آپ اپنی مرضی سے پتے لے کر نئے طریقے سے چٹان میں سجائیے۔

مخصوص حجم اور شکل والی چیزوں اور تصویروں کو ایک خاص طریقے کی سجاوٹ سے ایک ساخت اور خاکہ تیار ہوتا ہے۔

# عملی مشق

1۔ آگے تصویر بنائیے۔

(i) △ ○ □ △

(ii) 

(iii) 2 4 6 ○ ○ ○

2۔ رنگولی کو پوری کیجیے۔



3۔ آگے تصویر بنانے میں کاڑو کی مدد کریئے۔

(i) 

(ii) 

## انگلی کی چھاپ سے تصویر

حامد نے ابو کی میز سے سیاہی پیڈ لے کر انگلی کی چھاپوں سے کیسی کیسی تصویریں بنائی ہیں۔ دیکھیے



- آپ انگلی کی چھاپ لگا کر اپنے خیال سے جتنا ہو سکے تصویر بنائیں۔

بارش اور طوفان کے بعد شکیلہ باغیچہ کے اندر گئی۔ پتے جہاں تہاں بکھرے پڑے تھے۔ بالو، مٹی اور پانی ان پر سے بہہ گیا تھا۔ اس نے ایک ساتھ پڑے ہوئے ۵/۴ پتوں کو اٹھا کر دیکھا کہ زمین پر پتوں کے چھاپ اور نشان بن گیے ہیں۔

واہ.......کیا بہترین تصویر ہے۔

اس کے دماغ میں ایک بات سوجھی۔ کہ پتے کو رنگ میں ڈبو کر پتے کی چھاپ سے
تصویر بنایا جایے تو کیسا ہوگا؟

دیکھیے اس نے کیسی کیسی تصویر بنائی۔



**استاد کے لیے ہدایت:** کئی طرح کے پتوں کو اکٹھا کر کے ان کو رنگ میں ڈبو کر ہوشیاری کے ساتھ سفید کاغذ پر چپکا کر پتوں کی چھاپ بنائیں گے۔ باہر کی دھاروں کو قلم یا دوسرے رنگیں قلم سے لکیر کھینچ کر دھار بنائیں گے۔

تلسی اور نیم کے پتوں کو لے کر ان کی چھاپ بنائیے۔

- اب اس نے کئی طرح کی سبزیوں کو کاٹ کر رنگ میں ڈبو کر کیا گیا، دیکھیے۔



بھنڈی کو کاٹ کر رنگ میں ڈبو کر آپ بھی چھاپ بنائیے۔



کریلا کو کاٹ کر رنگ میں ڈبو کر چھاپ تیار کیجیے۔

پہلی تصویر کو دیکھ کر دوسری تصویر کی کالی جگہوں کو پر کیجیے۔

تصویر نمبر ۱



تصویر نمبر ۲





## ترانۂ ہندی

| | | |
|---|---|---|
| سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا | | ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا |
| غربت میں ہوں اگر ہم رہتا ہے دل وطن میں | | سمجھو وہیں ہمیں بھی دل ہو جہاں ہمارا |
| پربت وہ سب سے اونچا ہمسایہ آسماں کا | | وہ سنتری ہمارا وہ پاسباں ہمارا |
| گودی میں کھیلتی ہیں اس کی ہزاروں ندیاں | | گلشن ہے جس کے دم سے رشکِ جینا ہمارا |
| آے آب رود گنگا ! وہ دن ہیں یاد تجھ کو | | اترا ترے کنارے جب کارواں ہمارا |
| مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا | | ہندی ہیں ہم وطن ہیں ہندوستاں ہمارا |
| یونان ومصرو روما سب مٹ گئے جہاں سے | | اب تک مگر ہے باقی نام و نشاں ہمارا |
| کچھ بات ہے کہ ہستی مٹتی نہیں ہماری | | صدیوں رہا ہے دشمن دور زماں ہمارا |

اقبالؔ کوئی محرم اپنا نہیں جہاں میں
معلوم کیا کسی کو دردِ نہاں ہمارا

☆☆☆

# ARMS YOU FOR LIFE AND A CAREER......

INDIAN ARMY

| CATEGORY | EDUCATION | AGE |
|---|---|---|
| (1) Soldier (General Duty) (All Arms) | SSLC/Matric 45% marks in aggregate and 32% in each subject. No % required if Higher Qualification, then only pass in matric ie. 10+2 and above. | 17 1/2 - 21Yrs |
| (2) Soldier (Technical) (Technical Arms, Artillery) | 10+2/Intermediate exam. pass in Science with Physics, Chemistry, Maths and English. | 17 1/2 - 23 Yrs |
| (3) Soldier Clerk/Store Keeper Technical (All Arms) | 10+2/Intermediate examination pass in any stream (Arts, Commerce, Science) with 50% marks in aggregate and min. 40% in each subject. No stipulation of marks for higher qualification. | 17 1/2 - 23 Yrs |
| (4) Soldier Nursing Assistant (Army Medical Corps) | 10+2/Intermediate exam pass in Science with Physics, Chemistry, Biology and English with minimum 50% marks in aggregate and minimum 40% marks in each subject. | 17 1/2 - 23 Yrs |
| (5) Soldier Tradesman (All Arms) | Non Matric | 17 1/2-23 Yrs |
| (6) Soldier (General Duty) Non Matric (All Arms) | Non Matric | 17 1/2-21 Yrs |
| (7) Surveyor Auto Cartographer (Engineers) | BA/BSc with Maths having passed Matric & 12th (10+2) with Maths & Science | 20-25 Yrs |
| (8) JCO (Religious Teacher) (All Arms) | Graduate in any discipline. In addition, qualification in his own religious denomination. | 27-34 Yrs |
| (9) JCO (Catering) (Army Service Corps) | 10+2, Diploma/Certificate course of a duration of one year or more in Cookery/Hotel Management and Catering technology from recognized University. AICTE recognition is not mandatory. | 21-27Yrs |
| (10) Havildar Education | GP "X" - M.A./M.Sc. Or B.A., B.Ed/B.Sc., B.Ed.<br>GP "Y" - B.A./B.Sc. Without B.Ed. | 20-25 Yrs |

**Note:** Dispensation in Education for enrolment as Sol (GD) is permissible to some selected States/Region/Class & Community by the Govt.
Details may be obtained from nearest ARO/ZRO.

(This data is only of informative value and subject to change.) For Details contact Recruiting staff.
Visit us at www.joinindianarmy.nic.in E-mail: recruitingdirectorate@vsnl.net



INDIAN ARMY



An extraordinary life
A life full of adventure, honour and glory
Where you are one among a million,
and one in a million.

**Be The Best**
**Join Indian Army**



www.joinindianarmy.nic.in